

FREE

# WE - OUR ENVIRONMENT

# ہم - ہمارا ماحول


## CLASS - IV

## جماعت-چہارم

Part - 2

حصہ - 2





ناشر حکومت تلنگانہ، حیدرآباد۔
Published by The Government of Telangana, Hyderabad.

ہم - ہمارا ماحول

ENVIRONMENTAL STUDIES











IN ANY EMERGENCY
DIAL
100
TELANGANA POLICE
www.tspolice.gov.in
@ Telangana State Police

Government of Telangana
Department of Women Development & Child Welfare - Childline Foundation
When abused in or out of school.
To save the children from dangers and problems.
CHILD LINE 1098 NIGHT & DAY
24 HOUR NATIONAL HELPLINE
When the children are denied school and compelled to work.
When the family members or relatives misbehave.
1098 (Ten...Nine...Eight) dial to free service facility.



ریاستی ادارہ برائے تعلیمی تحقیق و تربیت، تلنگانہ، حیدرآباد۔
State Council of Educational Research & Training
Telangana, Hyderabad

Free Distribution by T.S. Government یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے

Free Distribution by T.S. Government یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے


SCERT TELANGANA

ماحولیاتی مطالعہ
ENVIRONMENTAL STUDUES
جماعت۔ 4

# متوقع اکتسابی نتائج

## متعلم......

- اپنے قرب و جوار میں پھولوں، جڑوں اور پھلوں کی سادہ خصوصیات (مثلاً شکل، رنگ، خوشبو، وہ کہاں اگتے ہیں/دیگر) کی شناخت کرتے ہیں۔
- پرندوں اور جانوروں کی مختلف خصوصیات (چونچوں/دانتوں، پنجوں، کانوں، بال، گھونسلوں/رہائش وغیرہ) کی شناخت کرتے ہیں۔
- وسیع خاندان میں افراد خاندان کے ساتھ اور انکے درمیان رشتے کی شناخت کرتے ہیں۔
- جانوروں (چیونٹیوں، شہد کی مکھیوں، ہاتھیوں کے جھنڈ) میں گروہی برتاؤ، پرندوں (گھونسلے بنانا) خاندان میں تبدیلیوں (پیدائش، شادی، تبادلے کی وجہ) کی وضاحت کرتے ہیں۔
- مختلف مہارت کے کاموں (کھیتی باڑی، تعمیر، فن/کاریگری وغیرہ) انکے ورثہ میں پانا (بزرگوں سے) اور روزمرہ زندگی میں اداروں کے تربیتی رول کو بیان کرتے ہیں۔
- ماضی اور حال کے اشیا اور سرگرمیوں (مثلاً حمل و نقل، سکہ، مکانات، سامان، آلات، مہارتیں وغیرہ) کے درمیان فرق کرتے ہیں۔
- علامتوں، اشیا اور مقامات کے وقوع کی نشاندہی کرتے ہیں اور نقشوں کا استعمال کرتے ہوئے اسکول/پاس پڑوس کی حد بندی کے نشان و سمتوں کی رہنمائی کرتے ہیں۔
- سائن بورڈس، پوسٹرس، رائج الوقت (نوٹوں/سکوں) (ریلوے ٹکٹ/نظام الاوقات کی معلومات کو استعمال کرتے ہیں۔
- مقامی/آبی اشیا کا استعمال کرتے ہوئے کولیج (Collage)، ڈیزائن/نقش و نگار، نمونے، رنگولی، پوسٹرس، البم اور (اسکول، پاس پڑوس وغیرہ) کے سادہ نقشے تیار کرتے ہیں۔
- مشاہدہ کیے گئے خاندان/اسکول/پڑوس میں تجربہ کیے گئے مسئلوں (Issues) مثلا رسم و رواج (مثلاً: امتیازات، حقوق اطفال) وغیرہ پر اپنی رائے کا اظہار کرتے ہیں۔
- صحت کے متعلق صفائی، وسائل کو کم استعمال کرنے، دوبارہ استعمال کرنے، باز دوریت کرنے کے طریقے تجویز کرتے ہیں اور مختلف زندہ عضوئیوں، وسائل (غذا، پانی اور عوامی ملکیت) کی پروا اور نگرانی کرتے ہیں۔
- کھیلوں، کھلاڑیوں اور کھیلوں کی خصوصیات کے اصولوں سے واقف ہوتے ہیں۔
- ملک اور تاریخی مقامات کی تاریخ بیان کرتے ہیں اور ملک کی تاریخ جاننے کے لیے سوال کرتے ہیں۔
- روزمرہ زندگی میں مختلف اداروں کے کردار اور افعال کی وضاحت کرتے ہیں۔ (بینک، پنچایت، کوآپریٹیوس، پولیس اسٹیشن وغیرہ)



**Energized Text Books** facilitate the students in understanding the concepts clearly, accurately and effectively. Content in the QR Codes can be read with the help of any smart phone or can as well be presented on the Screen with LCD projector/K-Yan projector. The content in the QR Codes is mostly in the form of videos, animations and slides, and is an additional information to what is already there in the text books.

This additional content will help the students understand the concepts clearly and will also help the teachers in making their interaction with the students more meaningful.

At the end of each chapter, questions are provided in a separate QR Code which can assess the level of learning outcomes achieved by the students.

We expect the students and the teachers to use the content available in the QR Codes optimally and make their class room interaction more enjoyable and educative.

**Let us know how to use QR codes**

In this textbook, you will see many printed QR (Quick Response) codes, such as

Use your mobile phone or tablet or computer to see interesting lessons, videos, documents, etc. linked to the QR code.

| Step | Description |
|---|---|
| **A.** | **Use Android mobile phone or tablet to view content linked to QR Code:** |
| 1. | Click on **Play Store** on your mobile/ tablet. |
| 2. | In the search bar type **DIKSHA.** |
| **3.** |  will appear on your screen. |
| 4. | Click **Install** |
| 5. | After successful download and installation, Click **Open** |
| 6. | Choose your prefered Language - Click **English** |
| 7. | Click **Continue** |
| 8. | Select **Student/ Teacher** (as the case may be) and Click on **Continue** |
| 9. | On the top right, click on the QR code scanner icon and scan a QR code printed in your book<br>OR<br>Click on the search icon and type the code printed below the QR code, in the search bar ( ) |
| 10. | A list of linked topics is displayed |
| 11. | Click on any link to view the desired content |
| **B.** | **Use Computer to view content linked to QR code:** |
| 1. | Go to **https://diksha.gov.in/telangana** |
| 2. | Click on **Explore DIKSHA-TELANGANA** |
| 3. | Enter the code printed below the QR code in the browser search bar ( ) |
| 4. | A list of linked topics is displayed |
| 5. | Click on any link to view the desired content |

S.C.E.R.T. TELANGANA

# ENVIRONMENTAL STUDIES
## CLASS - IV - Part - 2


### EDITORS

**Dr. Nannuru Upender Reddy,** Prof. & Head, Curriculum & Textbook Department, S.C.E.R.T., Hyderabad.

**Sri S.Vijaya Kumar,** Prof. & Head, Science Department, S.C.E.R.T., Hyderabad.

**Sri B.R.Jagadiswar Goud,** Principal, D.I.E.T., Adilabad.

**Sri K.Chitti Babu,** Senior Lecturer, D.I.E.T., Karveti Nagaram, Chittoor.

### SUBJECT EXPERTS

**Sri Suvarna Vinayak**
Co-ordinator, Curriculum & Text Books Dept., S.C.E.R.T., Hyderabad.

**Smt. Jyotsna Vijaya Purkar**
Homi Bhabha Science Centre, Mumbai.

**Sri Alex M.George**
Ekalavya, Madhya Pradesh.

### CO-ORDINATORS

**Smt. D.Vijaya Lakshmi**
Lecturer, S.C.E.R.T., Hyderabad

**Dr. T.V.S.Ramesh**
Co-ordinator, S.C.E.R.T., Hyderabad

**Sri P.Rathangapani Reddy**
School Assistant, Z.P.H.S., Polkampalli, Addakal Mdl., Mahaboobnagar

### TEXT BOOK DEVELOPMENT & PUBLISHING COMMITTEE

**Ms. Charu Sinha,** IPS
(Advisor, Gender Sensitivity)
Director, ACB Telangana, Hyderabad.

**Sri A.Satya Narayana Reddy**
Director, S.C.E.R.T., Hyderabad

**Dr. Nannuru Upender Reddy**
Prof.&Head, C&T Department, S.C.E.R.T., Hyderabad

**Sri B.Sudhakar**
Director, Govt. Text Book Press, Hyderabad


S.C.E.R.T. TELANGANA

**PUBLISHED BY GOVERNMENT OF TELANGANA, HYDERABAD**

*All FOR ONE
AND ONE FOR ALL*

*LESS POLLUTION
IS THE BEST SOLUTION*



Free Distribution by T.S. Government 2022-23

# ماحولیاتی مطالعہ

## جماعت : چہارم (حصہ-2)


### مدیران

**ڈاکٹرین۔اوپیندرریڈی**، پروفیسر وہیڈ شعبہ نصاب ودرسی کُتب، ریاستی ادارہ برائے تعلیمی تحقیق وتربیت،، حیدرآباد۔

**سری۔بی آرجگدیشوری گوڑ**، پرنسپل ڈائیٹ، عادل آباد۔

**سری۔یس وجئے کمار**، پروفیسر وہیڈ شعبہ سائنس، ریاستی ادارہ برائے تعلیمی تحقیق وتربیت، حیدرآباد۔

**سری۔کے چٹّی بابو**، سینئر لکچرر ڈائیٹ، کارویٹی نگرم، چتور۔

### مدیر اُردو

**جناب سیّد اصغر حسین صاحب**، موظف سینئر لکچرر

### ماہرین مضمون

سری۔سُورناوینا ناٹک
کوآرڈینٹر، شعبہ نصاب ودرسی کُتب
ایس۔سی۔ای۔آر۔ٹی، حیدرآباد۔

سریمتی۔جیوتسنا پورکر
ہومی بھابھا سائنس سنٹر
ممبئی

سری۔ایلکس ایم جارج
ایکلویا
مدھیہ پردیش

### کوآرڈینیٹر

**محمد افتخار الدین**

کوآرڈینٹر، شعبہ نصاب ودرستی کتب

ریاستی ادارہ برائے تعلیمی تحقیق وتربیت، حیدرآباد۔

### کمیٹی برائے فروغ واشاعتِ درسی کُتب

**سری۔اے ستیانارائنا ریڈی**
ڈائریکٹر،
ایس۔سی۔ای۔آر۔ٹی
حیدرآباد۔

**ڈاکٹر۔این اوپیندر ریڈی**
پروفیسر وہیڈ شعبہ نصاب ودرسی کُتب
ایس۔سی۔ای۔آر۔ٹی
حیدرآباد۔

**سری۔بی سدھاکر**
ڈائریکٹر
گورنمنٹ پرنٹنگ پریس
حیدرآباد۔



## ناشر : حکومت تلنگانہ، حیدرآباد


سب کے لیے ایک
ایک کے لیے سب

آلودگی کی کمی
بہترین حل ہے




S.C.E.R.T. TELANGANA

© Government of Telangana, Hyderabad

*First Published 2013*
*New Impression 2014, 2015, 2016, 2017, 2018, 2019, 2020, 2021, 2022*

**All rights reserved**

No part of this publication may be reproduced, stored in a retrieval system, or transmitted, in any form or by any means without the prior permission in writing of the publisher, nor be otherwise circulated in any form of binding or cover other than that in which it is published and without a similar condition including this condition being imposed on the subsequent purchaser.

The copy right holder of this book is the Director of School Education, Hyderabad, Telangana.

This Book has been printed on 70 G.S.M. Maplitho
Title Page 200 G.S.M. White Art Card

Free Distribution by T.S. Government 2022-23

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2022-23

*Printed in India*
at the Telangana Govt.Text Book Press,
Mint Compound, Hyderabad,
Telangana.

S.C.E.R.T. TELANGANA

# FOREWORD

All children should have an understanding of their society and environment. For this, they have to critically examine the surroundings. They should be able to understand and question the incidents that happen in their society. They should be able to mould themselves by understanding their near and distant surroundings. This is possible only by learning from the environment for the environment. The most important thing to do is to develop an attitude to protect and give equal importance to plants, birds, animals etc. The aim of Environmental Studies is to achieve these required skills, abilities and attitudes. The State Council for Educational Research and Training is developing Text Books on Environmental Studies by the title **"We-Our Environment"** at Primary level. The Class-III text book has been implemented from the academic year 2012-13. As an extension to this, the class 4 and 5 text books will come into practice from the Academic year 2013-14.

According to the needs of our state, the syllabus and text books are prepared by considering the syllabus and textual themes of National Council for Educational Research and Training (N.C.E.R.T.). The new textbooks are prepared according to the academic standards that have to be achieved as prescribed by the Right to Compulsory and Free Education Act, 2009. (R.T.E.-2009). The lessons are written on the themes - Family, Games, Animals, Plants, Society, Shelters, Food, Travel and History. Each lesson is written with interesting situations, incidents from daily life, thought provoking and reflecting activities and explorations. Without giving direct information in the lessons, more importance is given to make children collect information, do the things by themselves, observe pictures and understand different issues. To extend the knowledge of certain things, additional informatin is given under the caption, **'Do you know?'** For children's better learning, individual, group and whole class activities Projects and Experiments are incorporated. For the children, to estimate their learning, Exercises are included at the end of each lesson under the heading **'What have we learnt?'** These are given according to the academic standards. The exercise **'I can do these'** is given at the end of each lesson for the self-evaluation by children. All lessons contain photos and pictures which make children feel the real experiences of the concepts.

Instead of providing direct knowledge to children, the text book lays emphasis on construction of knowledge. Keeping this in view teachers have to construct knowledge by conducting activities. The exercises in the text book make children interact with the peer group. So, carrying out the exercises is a must. To meet this, teachers have to prepare the required Teaching - Learning Material and strategies. The text book has to be considered a helping guide. Teachers have to make the teaching meaningful by adding modern technology to the experiences of the children and use the local environment as an important resource. Great effort has to be made to develop processing skills and positive attitude towards the nature among the children.

With an intention to help the students to improve their understanding skills in both the languages i.e. English and Urdu, The Government of Telangana has redesigned this book as bilingual textbook in two parts. Part-1 comprises 1 to 6 lessons and Part-2 comprises 7 to 12 lessons.

Congratulations to the teachers, lecturers, subject experts, artists, D.T.P. designers and members of text book development committee on preparing this text book. Special thanks to the subject experts and editorial board for their guidance in bringing out a beautiful and attractive book. We hope that this text book will definitely inculcate values, scientific temper, required attitudes, awareness towards biodiversity and interest among the children.

**Director,**
S.C.E.R.T, Hyderabad

Place : Hyderabad

S.C.E.R.T. TELANGANA

# پیش لفظ

اپنے ماحول اور سماج سے متعلق تمام بچوں میں آگہی پیدا ہونی چاہیئے۔جس کے لیے ماحول کا تنقیدی طور پر مشاہدہ کرنا ضروری ہے۔بچے سماج میں رونما ہونے والے واقعات کو سمجھتے ہوئے ان سے متعلق سوال کرنے والے بنیں۔اپنے قریبی اور دور دراز کے ماحول سے واقفیت حاصل کرتے ہوئے اپنے آپ کو اس کے مطابق ڈھالنا ہوگا۔یہ اسی وقت ممکن ہوسکتا ہے جب ماحول کے بارے میں ماحول سے سیکھا جائے۔جس طرح ہماری اہمیت ہے اسی طرح ماحول میں پائے جانے والے پودے،پرندے،جانور وغیرہ بھی اہمیت کے حامل ہیں۔اس بات کو جانتے ہوئے ان کے تحفظ کے لیے درکار رجحانات کو فروغ دینا آج کے حالات میں انتہائی ضروری ہے۔دراصل ماحولیاتی مطالعہ کا مقصد ہی اس کے تحت مناسب مہارتوں،استعداد اور رجحانات کا حصول ہے۔تحتانوی سطح کے لیے"ہم–ہمارا ماحول" کے عنوان سے ماحولیاتی مطالعہ کی درسی کتابیں ریاستی ادارہ برائے تعلیمی تحقیق و تربیت کی جانب سے تشکیل دی گئی ہیں۔تعلیمی سال 13-2012 سے جماعت سوم کی نئی درسی کتاب کو متعارف کیا گیا ہے۔اسی تسلسل میں تعلیمی سال 14-2013 سے جماعت چہارم اور پنجم کی نئی درسی کتابیں متعارف کی جارہی ہیں۔

ملک کی سطح پر قومی ادارہ برائے تعلیمی تحقیق و ترتیب (NCERT) کے نصاب،درسی کتاب کے پس منظر کو ملحوظ رکھتے ہوئے ہماری ریاست کی ضروریات کے مطابق نصاب اور درسی کتابیں ترتیب دی گئی ہیں۔قانون حق برائے مفت و لازمی تعلیم -2009 کے مطابق تحتانوی سطح پر ماحولیاتی مطالعہ کے تحت حصول طلب استعداد کا تعین کیا گیا ہونے جن کے حصول میں معاون نئی درسی کتابیں ترتیب دی گئی ہیں۔ جیسے کے ذرائع(جانور،دریائیں، غذا، پودے)صحت ،حفظان صحت، ماحول،تحفظ، تاریخ، جغرافیائی نکات،اقدار–حقوق جیسے موضوعات کو بنیاد بنا کر درسی کتب میں اسباق شامل کیے گئے ہیں۔دلچسپ حالات، روزمرہ زندگی کے واقعات کو بیان کرتے ہوئے بچوں میں غور وفکر پیدا کرنے،ردعمل ظاہر کرنے،بحث ومباحثہ کرنے جیسے مشغلے،انکشافات،تجربہ کے ذریعہ تصورات کی تشکیل ہوسکے اس طرح کے اسباق شامل کیے گئے ہیں۔سبق کے موضوع کو بچوں تک راست طور پر پہنچانے کے بجائے ایسے مواقع فراہم کئے جائیں کہ بچے معلومات اکٹھا کرنے،عملی سرگرمیوں اور تصویروں کے مشاہدہ کے ذریعہ موضوع کو سمجھیں،اس درسی کتاب میں مشغلے،منصوبہ کام اور تجربات اس طرح شامل کیے گئے ہیں کہ بچے اس میں انفرادی،گروہی و اجتماعی طریقہ پر حصہ لے سکیں۔ہر سبق میں بچوں کو اپنے اکتساب کا محاسبہ کرنے کے لیے"ہم کہاں تک سیکھ چکے ہیں" عنوان سے مشقیں شامل کی گئی ہیں۔یہ مشقیں استعداد کے حصول میں معاون ہیں۔سبق کے آخر میں بچوں کی از خود جانچ کے لیے"کیا میں یہ کر سکتا/کر سکتی ہوں" کے عنوان سے بھی مشق دی گئی ہے۔ہر سبق میں حقیقی اور بنائی گئی تصویریں شامل کی گئی ہیں۔جن سے بچوں کو موضوع کے متعلق راست احساس ہوتا ہے۔

یہ کتاب بچوں میں راست طور پر معلومات فراہم کرنے کے بجائے علم کی تشکیل کو اہمیت دیتی ہے۔اس کو مدنظر رکھتے ہوئے اساتذہ بچوں کو معلومات فراہم کرنے کے بجائے مشغلوں کے اہتمام کے ذریعہ علم کی تشکیل کریں۔درسی کتاب میں ایسے مشغلے ہیں جن کے ذریعہ بچے اپنے ساتھیوں،سماج اور اشیاء سے ردعمل کرتے ہوئے سیکھتے ہیں۔لہٰذا ان مشغلوں کا اہتمام بہر صورت کیا جائے۔اس کے لیے اساتذہ کو چاہیئے مناسب درسی،اکتسابی اشیاء اور حکمت عملی تیار کرتے ہوئے تدریس کریں۔

اردو اور انگریزی دونوں زبانوں میں طلبہ کی تفہیم کی مہارتوں کو فروغ دینے کے مقصد سے حکومت تلنگانہ نے اس کتاب کو از سر نو مرتب کرتے ہوئے ذولسانی شکل دے کر دو حصوں میں شائع کیا ہے۔حصہ۔ا میں 1 تا 6 اسباق شامل کئے گئے ہیں جبکہ حصہ۔۲ میں 7 تا 12 اسباق شامل کئے گئے ہیں۔

اس نظریہ کے تحت کتاب کو صرف ایک معاون کے طور پر دیکھیں۔بچوں کے تجربات اور مقامی وسائل کو ایک مضبوط وسیلہ مانتے ہوئے جدید سائنسی نقطہ نظر کو جوڑتے ہوئے تدریسی و اکتسابی عمل کو بامعنی بنائیں۔اس بات کی مکمل کوشش کریں کہ بچوں میں عملی مہارتیں،فروغ پائیں اور ساتھ ہی ساتھ ماحول کے تئیں مناسب رجحان فروغ پائے۔

اس کتاب کی تدوین میں حصہ لینے والے اساتذہ،لکچررس،مصور،ماہرین مضمون،ڈی۔ٹی۔پی لے آوٹ ڈیزائنرس،شعبہ نصاب و درسی کتب کے ارکان کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔اس کتاب کو خوبصورت اور جاذب نظر بنانے اور ایسی سمت دینے کے جس سے بچوں میں عملی مہارتیں فروغ پاسکیں۔اس بات کے لیے ماہرین مضمون کا خصوصی طور کہ بچوں میں سائنس کے اکتساب کے تئیں دلچسپی کو بڑھانے میں معاون ہوگی اور بچوں میں اعلیٰ اقدار،حیاتی تنوع کے شعور کو مکمل طور پر فروغ دے گی۔

اُردو اور انگریزی دونوں زبانوں میں طلبہ کی تقسیم کی مہارتوں کو فروغ دینے کے مقصد سے حکومت تلنگانہ نے اس کتاب کو از سر نو مرتب کرتے ہوئے ذولسانی شکل دے کر دو حصوں میں شائع کیا ہے۔حصہ ا میں 1 تا 7 اسباق شامل کئے گئے ہیں جبکہ حصہ ۲ میں 8 تا 16 اسباق شامل کئے گئے ہیں۔

**ڈائریکٹر**
**ریاستی ادارہ برائے تعلیمی تحقیق و تربیت**
**تلنگانہ،حیدرآباد۔**


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 23–2022
S.C.E.R.T. TELANGANA

# OUR NATIONAL ANTHEM

*- Rabindranath Tagore*

Jana gana mana adhinayaka Jaya he
Bharatha bhagya-vidhata
Punjab Sindh Gujaratha Maratha
Dravida Utkala Banga.
Vindhya Himachala Jamuna Ganga
Uchchala Jaladhi taranga,
Tava shubha name jage
Tava shubha asisha mage
Gahe tava jaya gatha
Jana gana mangala-dayaka jaya he,
Bharatha bhagya –vidhatha,
Jaya he, jaya he, jaya he,
Jaya jaya jaya jaya he

S.C.E.R.T. TELANGANA

# PLEDGE

*- Pydimarri Venkata Subba Rao*

"India is my country; all Indians are my brothers and sisters.
I love my country, and I am proud of its rich and varied heritage.

I shall always strive to be worthy of it.

I shall give my parents, teachers and all elders respect,
and treat everyone with courtesy. I shall be kind to animals.

To my country and my people, I pledge my devotion.

In their well-being and prosperity alone lies my happiness."


Free Distribution by T.S. Government 2022-23

# قومی ترانہ

– رابندر ناتھ ٹیگور

جن گن من ادھی نایک جیا ہے
بھارت بھاگیہ ودھاتا
پنجاب، سندھ، گجرات، مراٹھا، ڈراوڑ، اتکل، ونگا
وندھیا، ہماچل، یمنا، گنگا، اُچ چھل جل دھی ترنگا
تواشبھ نامے جاگے، تواشبھ آشش ماگے
گاہے تو جیا گاتھا
جن گن منگل دایک جیا ہے
بھارت بھاگیہ ودھاتا
جیا ہے، جیا ہے، جیا ہے
جیا جیا جیا جیا ہے

# عہد

– پئی ڈیمری وینکٹا سبا راؤ

ہندوستان میرا وطن ہے۔ تمام ہندوستانی میرے بھائی، بہن ہیں۔ مجھے اپنے وطن سے پیار ہے اور میں اس کے عظیم اور گوناگوں ورثے پر فخر کرتا ہوں/ کرتی ہوں۔ میں ہمیشہ اس ورثے کے قابل بننے کی کوشش کرتا رہوں گا/ کرتی رہوں گی۔ میں اپنے والدین، استادوں اور بزرگوں کی عزت کروں گا/ کروں گی اور ہر ایک کے ساتھ خوش اخلاقی کا برتاؤ کروں گا/ کروں گی۔ میں جانوروں کے تئیں رحم دلی کا برتاؤ کروں گا/ کروں گی۔ میں اپنے وطن اور ہم وطنوں کی خدمت کے لیے اپنے آپ کو وقف کرنے کا عہد کرتا ہوں/ کرتی ہوں۔

S.C.E.R.T. TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 23–2022

# Suggestions to the Teachers

- Read the expected academic standards, foreword and index compulsorily before using the text book.
- 6 periods a week and 220 periods a year are to be allotted for Environmental Studies.
- There are 12 lessons on the whole. Lessons are framed in such a way that, they can be taught in 165 periods conveniently.
- Each lesson requires 14 periods on an average. Divide the periods into 10 to 18 periods per lesson.
- As activities, project works, collections are a part of the lessons, allot more time to these activities when compared to the explanation of concepts. Giving suggestions to children, involving them in the group activities, making them exhibit their preparations, correcting mistakes should be done during the class hours. Suggest children to takeup the project works, collection, explorations after the school hours.
- Children should be clearly explained about exercises. They should be encouraged to write the answers on their own. Do not allow the students to copy the answers from guides.
- Ask thought provoking questions on situations, real life experiences and pictures. Additional questions related to the concepts also should be asked. This activity should be conducted as whole class activity.
- The activity **'Discuss in Groups'** is given in the middle of the lessons. Suggestions should be given to children before the commencement of activity. Teachers should see that children discuss the question among themselves and write the answers. The required reference books should be supplied to the children. Make children exhibit their answers in groups. Mistakes should be corrected.
- The activity **'Do This'** is included in the lessons. These are experiments. Inform them, how to carry out the experiment and what material is required. Supervise them and ask them to note down the results and explain their experiment.
- The activity **'Collect'** is given in the lessons. Children have to visit the persons and places in their surroundings and collect information. Teacher has to guide them on what questions to be asked and how to collect information. Make them prepare the required information tables in the class it self. Ask them to exhibit the information collected in the class.
- **'Key words'** are given after every lesson. Allot a seperate period and test the understanding of each word by asking them individually.
- At the end of each lesson exercises are given under the title **'What have we learnt?'** See that the children do all the competency based activities and questions on their own. Allot seperate periods for each academic standard as per the need.
- The exercise **'I can do these'** at the end of each lesson is meant for self evaluation. Try to know whether all the children are able to do each and every item. Go to the next lesson after 80% of the children are able to do these items.
- Teaching learning strategies and the expected learning outcomes, have been developed class wise and subject-wise based on the syllabus and compiled in the form of a hand book to guide the teachers and were supplied to all the schools. With the help of this hand book the teachers are expected to conduct effective teaching learning processes and ensure that all the students attain the expected learning outcomes.

SCERT TELANGANA

# اساتذہ کے لیے ہدایات

☆ درسی کتاب کے استعمال سے قبل اس کتاب کے ذریعہ مطلوبہ استعداد' پیش لفظ' فہرست مضامین کا مطالعہ بہ ہر صورت کریں۔ ماحولیاتی مطالعہ کی تدریس کے لیے ہفتہ میں چھ پیریڈ کے حساب سے ایک سال میں 220 پیریڈ ہوں گے۔ اس درسی کتاب میں جملہ 16 اسباق ہیں۔ انہیں اس طرح ترتیب دیا گیا ہے کہ ان کی تدریس 170 پیریڈ میں کی جاسکے۔ ایک سبق کے لیے اوسطاً 10 پیریڈ درکار ہوں گے۔

☆ اسباق مشغلوں' منصوبہ کام اور معلومات کے حصول سے مزین ہیں۔ لہذا مضمون کو سمجھانے میں زیادہ وقت صرف نہ کرتے ہوئے اُن سرگرمیوں کی تکمیل کے لیے زیادہ وقت مختص کریں۔ تدریس کے لیے متعینہ وقت (پیریڈ) میں بچوں کو ہدایت دینا۔ گروہی مشغلے کروانا، اور ان کا مشاہدہ کرنا، غلطیوں کی تصحیح کرنا جیسی سرگرمیاں ہونی چاہئیں۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ بچوں کو مشغلوں سے متعلق واضح آگہی فراہم کریں۔ ہدایت اس طرح دیں کہ بچوں کو خود سمجھ کر لکھنے کی ترغیب حاصل ہو۔ گائیڈس دیکھ کر لکھنے کی اجازت ہرگز نہ دی جائے۔

☆ اسباق کا آغاز غور وفکر کو فروغ دینے والی تصویروں سے ہوتا ہے۔ ان سے متعلق سوالات بھی دیئے گئے ہیں۔ ان سوالات کا حل کل جماعتی مشغلے کے طور پر کروائیں۔ بچوں کے جواب تختہ سیاہ پر لکھیں۔ ان سے متعلق آگہی/ سابقہ معلومات کی جانچ کے ذریعہ کلیدی تصورات کا تعارف کروائیں۔ اس کے لیے اسباق، مشغلے، سوچیے، بولیے، ایسا کیجئے، اکٹھا کیجیے جیسے عنوان کے تحت دیے گئے ہیں۔ اس مشغلوں کے اہتمام کے ذریعہ بچوں کو سبق کے مواد سے متعلق معلومات حاصل کریں۔ اسباق کا مطالعہ کروائیں۔ ان میں دیے گئے سوالوں، حالات، تصاویر، مشغلے وغیرہ کا مطالعہ کرواتے ہوئے بچوں کو آگہی حاصل ہوئی ہے یا نہیں معلوم کرتے ہوئے مشغلوں کا اہتمام کریں۔

☆ سبق کی تصویروں کی جگہ یا درمیان میں غور کیجئے، بولیے'' عنوان کے تحت مشغلے دیے گئے ہیں ان مشغلوں کا اہتمام کل جماعتی طور پر کریں۔ بچوں کو اس طرح ترغیب دیں کہ وہ آزادانہ طور پر اپنے تجربات بیان کرسکیں۔ اس کے تحت دیئے گئے سوالوں کے علاوہ زائد سوالات بھی کیے جاسکتے ہیں۔ اختتام پر اساتذہ ان سوالات کو یکجا کر کے (Summing Up) جامعہ معلومات فراہم کریں۔

☆ سبق کے درمیان میں ''گروہی کام'' کے عنوان سے مشغلے دیے گئے ہیں۔ ان کے اہتمام سے قبل بچوں کو ہدایت دیں اور گروپس میں تقسیم کریں۔ ایسے حالات فراہم کریں گے بچے اس مشغلے کے تحت دیے گئے سوالوں پر خود سے بحث ومباحثہ کریں۔ اگر ضرورت محسوس ہو تو انہیں مشورے وہدایتوں سے نوازیں۔ اور ریفرینس بکس فراہم کریں۔ گروہی طور پر لکھے گئے جوابات پیش کرنے کے لئے ہیں۔ غلطیوں کی اصلاح کریں۔

☆ اسباق میں ''یہ کیجئے'' عنوان کے تحت دیے گئے مشغلے تجربات سے تعلق رکھتے ہیں۔ یہ کام بچے اسکول یا گھر پر کرسکتے ہیں۔ بچوں کو واقف کروائیں کہ یہ تجربے کئے جاتے ہیں۔ اور ان کے لیے کیا کیا چیزیں درکار ہوتی ہیں۔ تجربوں کی تکمیل پر بچوں سے وضاحت طلب کریں کہ کیا کیئے؟ کیسے کیئے؟ وغیرہ۔ ان مشغلوں کا اہتمام انفرادی یا گروہی طور پر کروایا جاسکتا ہے۔

☆ اسباق میں ''اکٹھا کیجئے'' کے عنوان سے بھی مشغلے دیے گئے ہیں۔ اس کو بچوں کو سماج میں' اپنے اطراف واکناف کے ماحول میں جاکر معلومات حاصل کرنی ہوتے ہیں۔ اس کے لیے بچوں کو اس بات سے واقف کروائیں کہ معلومات کیسے حاصل کی جائیں اور کیسے سوالات پوچھے جائیں؟ معلومات اکٹھا کرنے کے لیے درکار جدول کی تیاری کمرہ جماعت ہی میں کروائیں۔ معلومات اکٹھا کرنے کے بعد ایک پیریڈ میں اس کا مظاہرہ کروائیں۔ ان مشغلوں کا اہتمام گروہی طور پر کروائیں۔ اس بات کا خیال رکھیں کہ گروپ میں 2 تا تین بچے ہوں۔

☆ ہر سبق ''کلیدی الفاظ'' دیئے گئے ہیں۔ سبق کی تکمیل کے بعد کلیدی الفاظ کی فہرست میں موجود ہر لفظ کے بارے میں انفرادی طور پر پوچھیں۔ بچوں کی معلومات سے آگاہی حاصل کریں۔ اس کے لیے خصوصی طور پر ایک پیریڈ مختص کریں۔ سبق کی تکمیل کے بعد ہم نے کہاں تک سیکھا؟ ''عنوان کے تحت مشقین دی گئی ہیں۔ اس کے تحت دیے گئے استعداد پر مبنی سوالات پر مشغلے بچے خود سے کرسکیں۔ اس بات کو یقینی بنائیں۔ ان کے اہتمام کے لیے ایک استعداد کے لیے ایک پیریڈ کی مناسبت سے 6 پیریڈ مختص کرلیں۔ سبق کے آخر میں ''کیا میں یہ کرسکتا ہوں/ کرسکتی ہوں؟'' مشق از خود جانچ کے تحت دی گئی ہے۔ اس کے تمام نکات بچے حل کر پار ہے ہیں یا نہیں؟ معلوم کریں۔ اگر 80% بچے یہ کر پار ہے ہیں تو دوسرے سبق کی تدریس شروع کریں۔


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 23–2022
S.C.E.R.T. TELANGANA

# AUTHORS

**Sri Suvarna Vinayak**
Co-ordinator, SCERT, Hyderabad.

**Dr. T.V.S.Ramesh**
Co-ordinator, S.C.E.R.T., Hyderabad

**Sri P. Rathangapani Reddy,** S.A., Z.P.H.S., Polkampally, Addakal Mandal, Mahaboobnagar District.

**Sri Nallan Chakravarthi Jagannath,** S.G.T., G.H.S., Kulsumpura, Hyderabad.

**Sri K.Upender Rao,** S.G.T., M.P.P.S., Peeryathanda, Thurkapalli Mandal, Nalgonda District.

**Sri A.Mahendar Reddy,** L.F.L. H.M., M.P.P.S., Somangurthi, Puduru Mandal, Ranga Reddy District.

**Sri Gorantla Srinivasa Rao,** S.A., M.P.U.P.S., B.K.Palem, Kakumanu Mandal, Guntur District.

**Smt. C.H.Usha Rani,** S.G.T., S.V.G.M.E.School, Gollapalli, Bobbili Mandal, Vizianagaram District.

**Sri B.Rama Krishna,** S.A., G.G.H.S., Nallagutta, Hyderabad.

**Sri E.D.Madhusudan Reddy,** S.A., Z.P.H.S., Kosgi, Mahaboobnagar District.

**Sri K.V.Satya Narayana,** S.A., Z.P.H.S., Velidanda, Garidepalli Mandal, Nalgonda District.

**Smt. P. Parameshwary**
SGT, MPUPS, Thakkallapally, Chinthapally Mandal, Nalgonda Dist.

**Sri C.Nagendra Prasad,** Teacher, G.C.Palem, Bandi Atmakuru Mandal, Kurnool District.

**Sri C.H.Srinivasa Rao,** H.M., M.P.P.S., Pamula Metta, Jegurupadu, Kadiyam Mandal, East Godavari District.

**Sri Meda Hari Prasad,** S.A., Z.P.H.S., Kanala, Kurnool District.

# TRANSLATORS

**Sri N.C.Jagannath,** S.G.T., G.H.S., Kulsumpura, Hyderabad.
**Smt. V.Neeraja,** S.G.T., GPS, CPL, Amberpet, Hyderabad.
**Smt. K.Sandhya Devi,** S.G.T., GPS, CPL, Amberpet, Hyderabad.
**Smt. L.Indira,** S.G.T., GPS, CPL, Amberpet, Hyderabad.
**Smt. K.Arundhati,** S.G.T., GPS, CPL, Amberpet, Hyderabad.
**Smt. K.Asha,** S.G.T., GPS, Shankeswar Bazar, Saidabad-II, Hyderabad.

# ARTIST

**Sri B.Kishore Kumar**
H.M., U.P.S., Utkoor, Nidmanur Mandal, Nalgonda District.

# LAYOUT & DESIGNING

**Smt. Prathima Paturi,** Hyderabad.
**Sri Md. Ayyub Ahmed,** S.A., Z.P.H.S. U/M, Atmakur, Mahbubnagar.
**Sri Kannaiah Dara,** SCERT, Hyderabad.

S.C.E.R.T. TELANGANA

## مصنفین

سری سورنا و نائیک، کوآرڈینیٹر، محکمہ نصابی و درسی کُتب، ایس۔ سی۔ ای۔ آر۔ ٹی، حیدرآباد۔
سری۔ پی۔ راتھنگا پانی ریڈی، ایس۔ اے، ضلع پریشد ہائی اسکول، پولکم پلی، اڈ کل منڈل، ضلع محبوب نگر۔
سری۔ ملّن چکرورتی جگن ناتھ، ایس۔ جی۔ ٹی، گورنمنٹ ہائی اسکول، کلثوم پورہ، حیدرآباد۔
سری کے۔ او پیندر راؤ، ایس۔ جی۔ ٹی، یم۔ پی۔ پی۔ ایس، پیرا تھانڈا، ترکا پلی منڈل، ضلع نلگنڈہ۔
سری اے۔ مہیندر ریڈی، ایل۔ ایف۔ ایل، ایچ۔ ایم، یم۔ پی۔ پی۔ یس، سُمن گرتی، پُدورا منڈل، ضلع رنگا ریڈی۔
سری گورنٹل اسرینواس راؤ، ایس۔ اے، یم۔ پی۔ یو۔ پی۔ ایس، بی۔ کے۔ پالم، کاکومنو منڈل، ضلع گنٹور۔
شریمتی سی۔ اچ۔ اوشارانی، ایس۔ جی۔ ٹی، ایس۔ وی۔ جی۔ ایم۔ ای اسکول، گولا پلی، بابلی منڈل، ضلع وجیانگرم۔
ڈاکٹر ٹی۔ وی۔ ایس رمیش، کوآرڈینیٹر، ایس۔ سی۔ ای۔ آر۔ ٹی، حیدرآباد۔
سری بی۔ راما کرشنا، ایس۔ اے، جی۔ جی۔ اچ۔ ایس، نلہ گٹہ، حیدرآباد۔
سری ای۔ ڈی مدھوسُدھن ریڈی، ایس۔ اے، ضلع پریشد ہائی اسکول، کوسگی، ضلع محبوب نگر۔
سری کے۔ وی۔ ستیانارائنا، ایس۔ اے، ضلع پریشد ہائی اسکول، ویلی دندہ، گاردی پلی منڈل، ضلع نلگنڈہ۔
سری سی۔ ناگیندر پرساد، ٹیچر، جی۔ سی پالم بنڈی آتما کورمنڈل، ضلع کرنول۔
سری سی۔ اچ سرینواس راؤ، اچ۔ ایم، یم۔ پی۔ پی۔ ایس، پامیلوٹو، جیگورو پاڈو، کدیام منڈل، ضلع مشرقی گوداوری۔
سری میداہری پرساد، ایس۔ اے، ضلع پریشد ہائی اسکول، کانالہ، ضلع کرنول

## مترجمین

محمد عبدالمتین، اسکول اسسٹنٹ، گورنمنٹ اپر پرائمری اسکول پھولانگ، ضلع نظام آباد۔
سید وارث احمد، اسکول اسسٹنٹ، ضلع پریشد ہائی اسکول (اُردو) پنگنور، ضلع چتور۔
شیخ رضوان احمد، اسکول اسسٹنٹ، ضلع پریشد ہائی اسکول (اُردو) گرم کنڈہ، ضلع چتور۔
ارشد محمد، رکن اسٹیٹ ریسورس گروپ، منڈل پریشد پرائمری اسکول ایلمّا گوڑہ، ضلع عادل آباد۔
محمد عبدالجیب، اسکول اسسٹنٹ، ضلع پریشد ہائی اسکول جوگی پیٹ، ضلع میدک۔

## مصور

سری۔ بی کشور کمار،
صدر مدرس، اپر پرائمری اسکول، اتکور، نیدمنور منڈل، ضلع نلگنڈہ۔

## ڈی۔ ٹی۔ پی۔ لے آوٹ، ڈیزائننگ

محمد ایوب احمد، ایس۔ اے، ضلع پریشد ہائی اسکول، ضلع محبوب نگر۔
ٹی۔ محمد مصطفےٰ، مشیرآباد، حیدرآباد۔
شیخ حاجی حسین، بالانگر، میڈچل، حیدرآباد۔

S.C.E.R.T. TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 2022-23

# Academic Standards that have to be achieved by the children through this text book

## 1. Conceptual Understanding

- Children understand the reasons for the changes in the family system, pros and cons of domestic appliances, rules of their usage and their necessity, sportsman spirit, life styles of Animals - their classification, food, healthy habits, construction of houses, neeed for sanitation, construction material, different public institutions and their uses, right to Information, history of the nation, culture etc., Children give reasons, examples, identify the similarities and differences and do the classify

## 2. Questioning - Hypotheses

- Children will be able to ask questions about the collection of information, imagine the process of conducting experiments. For Eg: questioning sportsmen, guessing the reasons of the changes in the games, food wastage, information on animals. They will be able to question, make hypotheses, give reasons and identify the facts for different problems.

## 3. Experiments - Field Observations

- Children will be able to do the experiments on plants and food material. Collect the required materials for the experiment. After doing the experiments, children compare their hypothesis and analyse the reasons.
- Children will be able to explain the process of experiments. They can understand through field observations, sports and games, agricultural fields, facilities of the houses, food habits of birds etc. They tabulate and explain the observed information.

## 4. Information Skills, Projects

- Children collect information about domestic appliances, sportpersons, details of animals, garbage and trash collected from houses, government officers and their duties etc.,
- Tabulate the collected information. Analyse and explain the collected information. Draw conclusions.

## 5. Communication through Mapping Skills, Drawing Pictures, Making Models

- Children will be able to draw maps of their village, mandal, district and state. Point out the mandals on the districts map and districts on the state map.
- Point out the asked region on the maps and tell about the boundaries. Mark out the routes on the basis of maps.
- Children will be able to explain their understanding of different concepts by drawing pictures and making models. Ex: Models of house, train, bus etc.,

## 6. Appreciation - Values, Creating Awareness towards Bio-diversity

- Children show kindness towards birds and animals. Develop awareness towards environment and bio-diversity. Understand measures to protect water, plants and trees. Develop good habits related to bio-diversity.
- Understand and implement measures to control the pollution and implement the rules and regulations.
- Practise sportman spirit. Develop appreciable attitudes like working together, honouring other's views, questioning freely and helping the needy.
- Identify the good in others and appreciate them.

S.C.E.R.T. TELANGANA

## اس درسی کتاب کے ذریعہ بچوں میں حصول طلب استعداد

**1۔ تصورات کی تفہیم**

☆ اسباق کے کلیدی الفاظ،تصورات اور مضامین سے متعلق آگہی حاصل کریں گے۔ان سے متعلق مثالیں دے پائیں گے۔وجوہات بیان کریں گے۔ وضاحت کر پائیں گے۔اور درجہ بندی کریں گے۔مثلاً : کسانوں کی طرز زندگی،حیاتی تنوع،مستقل ذرات،پودے لگانے کے دوران لیے جانے والے احتیاطی اقدامات،پودوں کے فوائد،توانائی دینے والی اشیاء،مقوی غذا کی مثالیں بچوں کے حقوق،ایندھن کی بچت،توانائی پیدا کرنے والے ذرائعوں کی درجہ بندی،ساحلی مقامات کی طرز زندگی وغیرہ۔

**2۔ سوالات کرنا- مفروضات قائم کرنا**

☆ بچے معلومات کے حصول کے لئے درکار سوالات کریں گے۔تجربات سے تعلق رکھنے والے مفروضات قائم کریں گے۔مثال کے طور پر فصلوں سے متعلق کسان سے سوالات کرنا،بچوں کے حقوق کے بارے میں سوالات کریں گے۔ڈاکٹروں سے اپنے جسمانی اعضاء کے تحفظ کے بارے سوالات کرنا۔بیماریوں سے متعلق وجوہات کا پتہ لگانا،پودوں پر تجربات سے متعلق مفروضات قائم کرنا وغیرہ کر پائیں گے۔

**3۔ تجربات- حلقہ عمل کے مشاہدات**

☆ غذائی اشیاء،پودوں وغیرہ سے متعلق تجربات کریں گے۔تجربات کے اہتمام کے لیے درکار اشیاء حاصل کریں گے۔تجربہ سے قبل مفروضہ قائم کریں گے۔تجربہ کے بعد اپنے مفروضات کا تقابل کریں گے اور وجوہات کا تجزیہ کریں گے۔چاند کا مشاہدہ کرنا،تقابل کرنا۔

☆ کیے گئے تجربہ کا طریقہ بیان کریں گے۔بچوں کے حقوق،فصلوں،طرز زندگی،قدیم تعمیرات/مقامات،مختلف مقامات پر حفاظتی اقدامات وغیرہ سے متعلق عملی مشاہدہ کے ذریعہ تفصیلات حاصل کریں گے۔مشاہداتی وتجرباتی مہارتوں میں فروغ حاصل کریں گے۔

**4۔ ترسیلی مہارتیں،منصوبہ کام**

☆ حاصل کردہ معلومات کو جدول کی شکل میں درج کریں گے۔جدول سے حاصل کردہ معلومات کو سمجھتے ہوئے وضاحت کریں گے۔معلوماتی جدول کا تجزیہ کریں گے اور نتیجہ اخذ کریں گے۔

☆ جانور،زراعت،فصلیں،مقوی غذائیں لینا،امراض،جنگلاتی پیداوار،آبی وسائل،قدیم تعمیرات کی تفصیلات،بجلی کے استعمال کی تفصیلات،طلوع وغروب آفتاب کی تفصیلات وغیرہ سے متعلق معلومات حاصل کریں گے۔منصوبہ کام میں حصہ لیں گے۔

**5۔ نقشہ جاتی مہارتیں،شکلیں اُتارنا،نمونے تیار کرنے کے ذریعہ اظہار خیال**

☆ انسانی جسم کے مختلف نظام اور ان کی کارکردگی کا طریقہ کار،بجلی کی پیداوار،موسمی دور کے شکلیں اُتار کر ان کے کام کرنے کے طریقوں ک وبیان کریں گے۔نمونوں کی تیاری کے ذریعہ کی وضاحت کر پائیں گے۔

☆ ہندوستان کے نقشے میں ریاستوں،مقامات،حدود وغیرہ کی نشاندہی کریں گے۔آندھرا پردیش کے نقشے میں فصلوں،دریاؤں وغیرہ کی تفصیلات کی نشاندہی کریں گے۔دنیا کے نقشے میں براعظموں،ممالک اور سمندروں وغیرہ کی نشاندہی کریں گے۔ان سے متعلق نقشہ جاتی مہارتیں حاصل کریں گے۔

**6۔ توصیف،اقدار،حیاتی تنوع کے تئیں باشعور رہنا**

☆ پرندوں اور جانوروں کے تئیں ہمدردی کا رویہ اختیار کریں گے۔ماحول اور حیاتی تنوع کے تئیں شعور کو فروغ دیں گے۔پودوں،درختوں،پانی وغیرہ کے تحفظ کے لیے کیے جانے والے اقدامات سے آگہی حاصل کریں گے۔ان اقدامات سے متعلق عادتوں کو اپنائیں گے۔

☆ آلودگی کے تدراک سے متعلق کیے جانے والے اقدامات کو سمجھتے ہوئے اس پر عمل کریں گے۔اصولوں اور تحدیدات کو سمجھتے ہوئے عمل کریں گے۔

☆ قدرتی وسائل کا تحفظ،ایندھن کا احتیاط سے استعمال،بجلی کی بچت،دوسروں کی امداد پہنچانا وغیرہ سے متعلق آگہی حاصل کریں گے۔ضرورت پڑنے پر ان سے متعلق نعرے،پوسٹر،خطوط لکھنے کے ذریعے سماج کا شعور کا مظاہرہ کریں گے۔سماج کے لیے معاون پروگراموں میں حصہ لینا اپنی عادت بنالیں گے۔

☆ دوسروں کی اچھائیوں کو دیکھ کر ان کی حوصلہ افزائی کریں گے۔


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 23–2022
S.C.E.R.T. TELANGANA

# INDEX

# فہرست مضامین

## PART - 2
## حصہ - 2


| Sl.No. سلسلہ نشان | | Lesson Name اسباق | Month مہینہ | Pages صفحہ |
|---|---|---|---|---|
| 7. |  | PUBLIC INSTITUTIONS<br>سماجی ادارے | November<br>نومبر | 1<br>2 |
| 8. |  | HOUSES - CONSTRUCTION - SANITATION<br>مکان۔ تعمیر۔ صفائی | November<br>نومبر | 35<br>36 |
| 9. |  | OUR VILLAGE - OUR TANKS<br>ہمارا گاؤں۔ ہمارا تالاب | December<br>ڈسمبر | 67<br>68 |
| 10. |  | OUR FOOD - OUR HEALTH<br>ہماری غذا۔ ہماری صحت | January<br>جنوری | 95<br>96 |
| 11. |  | FROM VILLAGE TO DELHI<br>گاؤں سے دھلی تک | February<br>فروری | 123<br>124 |
| 12. |  | INDIAN HISTORY & CULTURE<br>ہندوستانی تاریخ۔ تہذیب | February<br>فروری | 143<br>144 |


S.C.E.R.T. TELANGANA



Free Distribution by T.S. Government 2022-23

# بچو! اس کتاب کا استعمال حسب ذیل طریقے پر کیجیے۔

☆ یہ کتاب آپ ہی کے لیے تیار کی گئی ہے ہر سبق کا مطالعہ آپ خود کیجئے۔
☆ آپ کو کیا کرنا ہے اس کی ہدایت آپ کے معلم دیں گے۔ ان ہدایتوں پر عمل کیجئے۔
☆ سبق کے متن کو سمجھنے کیلئے آپ کو اپنے دوستوں سے مل جل کر کام کرنا ہوگا۔ اس لیے سرگرمیاں ومباحثہ گروہی طور پر انجام دیں۔
☆ اسباق میں تصویریں شامل ہیں۔ ان کا بغور مشاہدہ کیجئے۔ تصویروں کے ذیل میں دیئے گئے سوالات پڑھیں۔ اگر سمجھنے سے قاصر ہوں تو اپنے دوستوں/اساتذہ سے گفتگو کیجئے۔ ان سوالوں کے جواب غور وفکر کرتے ہوئے معلوم کیجئے۔
☆ تمام اسباق میں ''گروہی مباحثہ'' کے عنوان پر سے مشق دی گئی ہے۔ جب بھی ایسی مشق آئے 4 تا 5 طلبا کا گروپ بنایئے اور جواب گروہی طور پر معلوم کیجئے۔
☆ چند موقعوں پر ''اکٹھا کیجیے'' عنوان کے چند سوالات دیے گئے ہیں ان سے متعلق جوابات جاننے کے لیے قریبی افراد یا اداروں کو جا کر معلومات حاصل کریں۔ اگر ضروری ہو تو معلومات کس طرح حاصل کی جائیں اپنے استاد سے پوچھے۔
☆ چند اسباق میں ''ایسا کیجئے'' عنوان کے تحت تجربات دیے گئے ہیں۔ ان کو آپ بہر صورت انجام دیجئے۔ نتائج درج کیجئے۔ اس سے متعلق اپنی کمرہ جماعت میں گفتگو کیجئے۔ شکوک وشبہات سے متعلق اپنے استاد سے سوال کیجئے۔
☆ آپ کو تلنگانہ، ضلع، اور منڈل کے نقشوں کی ضرورت پڑے گی۔ یہ اپنے استاد سے حاصل کیجئے۔ آپ اسکول میں دستیاب بڑے نقشوں کا استعمال بھی کر سکتے ہیں۔
☆ ہر سبق میں ''ہم نے کیا سیکھا'' کے تحت سوالوں کے جواب آپ خود سوچ کر لکھیں۔ گائیڈس دیکھ کر جواب نہ لکھیں۔ لکھنے کے بعد اپنے استاد کو دکھایئے۔ گائیڈ ہرگز خریدیں نہ استعمال کریں۔ اگر آپ گائیڈ استعمال کرنے لگیں تو غور وفکر نہیں کر پائیں گے۔
☆ سبق کے آخر میں ''کیا میں یہ کرسکتا ہوں / کرسکتی ہوں'' کے تحت دیئے گئے نکات پڑھیے۔ اگر آپ نکتہ حل کرنے کے قابل ہو تو 'ہاں' پر (✓) کا نشان لگایئے۔ اگر آپ نہیں کر سکتے ہیں اپنے استاد سے پوچھئے اور دوبارہ سیکھئے۔
☆ سبق کی تدریس یا گروہی سرگرمیاں انجام دینے کے دوران اگر کوئی بات آپ کو سمجھ میں نہ آئے تو فوراً اپنے استاد سے سوال کیجئے اور جواب معلوم کیجئے۔

S.C.E.R.T. TELANGANA

# 7 PUBLIC INSTITUTIONS



Rangapur is a small village surrounded by hills. A river flows nearby the village. Due to heavy rains, there was a flood in the river. Water entered Rangapuram village, the streets were flooded with water. After the flood decreased, the streets were filled with mud. The electric wires were dislocated and the water pipes were damaged. There was no water supply. Many problems arose in the village due to the floods. Who will solve these problems? Who should take care? What other problems might have arose due to floods? Discuss these issues with your friends and note down the points.

R1J5F4

**Discuss in groups**



- Who should clear the mud on the streets of Rangapur?
- Who should repair the electric lines?
- Who should repair the water pipelines?
- Who should we complain to in case of public inconvenience?

In every village, they have a Gram Panchayat which provides the required facilities to the public and solves the problems if any. In every village, there are public institutions like schools, veterinary hospital, post office, Anganwadi centres etc. The institutions established by the government for public welfare are called Public Institutions.



## 7.1. Public Institutions - Gram Panchayat

Mohan wanted to apply for a ration card so that he can get household items from the ration shop (Fair Price Shop). He went to meet the Village Revenue Secretary along with his daughter Aruna.

SCERT TELANGANA



# 7 عوامی ادارے

ظفرآباد ایک گاؤں ہے جس کے اطراف پہاڑ موجود ہیں گاؤں کے قریب سے ایک ندی بہتی ہے۔ زیادہ بارش ہونے سے ندی میں سیلاب آیا۔ سیلاب کا پانی ظفرآباد گاؤں میں داخل ہوگیا۔ جسکی وجہ سے گاؤں کے تمام محلے پانی میں ڈوب گئے۔ سیلاب رُکنے کے بعد گاؤں کے تمام گلیاں کیچڑ سے پُر ہوگئیں۔ بجلی کے کھمبے اور تار گر گئے، پانی کے پائپ ٹوٹ گئے۔ اب نل سے پانی نہیں آرہا ہے۔ گاؤں میں سیلاب کی وجہ سے کئی مسائل پیدا ہوگئے ہیں۔ اس طرح گاؤں میں آنے والے سیلاب کی وجہ سے کئی مسائل پیدا ہوگئے ہیں۔ گاؤں میں اسطرح کے مسائل کون حل کرتے ہیں؟ یہ کس کی ذمہ داری ہے۔ اس طرح کے سیلاب آنے سے گاؤں میں مزید کون کونسے مسائل پیدا ہونگے؟ ان باتوں سے متعلق آپ اپنے دوستوں سے بحث کیجیے۔ لکھئے۔

**گروہی مباحثہ**



- ظفرآباد کی گلیوں میں موجود کیچڑ کی صفائی کون کریں گے؟
- بجلی کے کھمبے اور تاروں کو کون بحال کریں گے؟
- نلوں کی مرمت کون کریں گے؟
- گاؤں میں پیش آنے والے مسائل کی شکایت ہمیں کس سے کرنا چاہئے؟

ہر گاؤں میں ایک گرام پنچایت ہوتی ہے جو عوام کو درکار سہولیات فراہم کرتی ہے اور اگر کوئی مسائل درپیش ہوں تو انہیں حل کرتی ہے۔ ہر گاؤں میں عوامی ادارے جیسے مدارس، حیوانات کا دواخانہ، آنگن واڑی مرکز وغیرہ پائے جاتے ہیں۔ عوام کی فلاح کے لئے حکومت کی جانب سے قائم کئے جانے والے اداروں کو عوامی ادارے کہا جاتا ہے۔




## 7.1 عوامی ادارے - گرام پنچایت

انور راشن کارڈ کے لئے درخواست دینا چاہتا ہے تاکہ وہ راشن کی دکان سے اپنے لئے راشن حاصل کرسکے۔ اس لئے انور اپنی بیٹی ثمینہ کے ہمراہ گاؤں کے ریونیو سکریٹری (معتمد برائے محکمہ مالیات) کے پاس گیا۔


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے۔ 2022-23

"I am Mohan. I have a wife, a son and a daughter. I don't have Food Security Card. I came to apply for it." said Mohan. The Village Secretary asked him to give an application on a white paper.

Meanwhile, the Village Secretary called upon all the people who came to record the details of their crops. The Village Secretary looked into the records with the help of the Revenue Assistant and gave receipts to all. Similar to Village Secretary, there are other officers at the village level.

Different kinds of works done by different officers at village level are given in the table below. Discuss with your teacher and know about the officers who are responsible for different works and fill the table.

| Sl.No. | Details of the functions | Public servant/officer responsible |
|---|---|---|
| 1. | Recording crop details | Village Revenue Officer(VRO) |
| 2. | Collecting house tax | |
| 3. | Providing street lights | |
| 4. | Maintenance of land records | |
| 5. | Registration of births and deaths | |
| 6. | Responsible for work related to revenue office | |
| 7. | Responsible for the works related to Mandal Praja Parishad | |
| 8. | Collection of water bills | |
| 9. | Distribution of letters | |
| 10. | School maintenance | |
| 11. | Cleaning the drains | |
| 12. | Vaccination and medication | |

**Collect**



- If you live in a city, collect the details of the person who is incharge for the above duties in the table with help of your parents / teachers. Write them in your note book.
- Was a review meeting held by village panchayat on village development in your village? What were the issues discussed? Collect information from your Village Sarpanch and Village Secretary.



S.C.E.R.T. TELANGANA

’’میرا نام انور ہے۔ میرے گھر میں، میری بیوی، ایک لڑکا اور ایک لڑکی رہتے ہیں۔ میرے پاس غذائی طمانیت کارڈ (Food Security Card) نہیں ہے۔ اس لیئے درخواست دینے کے لئے آیا ہوں‘‘۔

سکریٹری (معتمد) نے کہا کہ آپ ایک سفید کاغذ پر درخواست تحریر کر کے دیں۔

اُسی وقت ریونیو سکریٹری (معتمد) نے اُن کسانوں کو آواز دے کر اندر بلایا جو اپنی فصل کی تفصیلات درج کروانے آئے تھے۔ ریونیو سکریٹری نے اپنے ماتحت کی مدد سے ریکارڈ کا مشاہدہ کیا اور کسانوں کو رسید حوالے کی۔ گاؤں کی سطح پر ریونیو سکریٹری کے علاوہ دیگر افسران بھی ہوتے ہیں۔

گرام پنچایت کی سطح پر مختلف عہدیداروں کے کام کی تفصیلات جدول میں دی گئی ہیں۔ کونسے کام کس عہدیدار کے ذمہ ہوتے ہیں۔ آپ اپنے ٹیچر کی مدد سے معلوم کر کے درج کیجیے۔

| سلسلہ نشان | کام کی نوعیت | ذمہ دار عہدیدار |
|---|---|---|
| 1 | فصلوں کی تفصیلات درج کرنا | گاؤں کے ریونیو آفسر (V.R.O) |
| 2 | گھر کا ٹکس وصول کرنا | |
| 3 | اسٹریٹ لائٹ کا انتظام | |
| 4 | اراضی کی تفصیلات کا نظم | |
| 5 | پیدائش و اموات کی تفصیلات کا اندراج | |
| 6 | دفتر ریونیو سے متعلق مختلف امور انجام دینا | |
| 7 | دفتر منڈل پریشد سے متعلق امور انجام دینا | |
| 8 | پانی کا بل وصول کرنا | |
| 9 | خطوط پہنچانا | |
| 10 | اسکول کا انتظام | |
| 11 | موریوں کی صفائی | |
| 12 | ٹیکہ لگانا اور ادویات جاری کرنا | |

S.C.E.R.T. TELANGANA

### اکٹھا کیجیے



- اگر آپ کا تعلق شہر سے ہے تو مندرجہ بالا کاموں کے ذمہ دار عہدیداروں کی تفصیلات اپنے والدین یا اساتذہ سے دریافت کر کے اپنی نوٹ بک میں درج کیجیے۔
- کیا آپ کے گاؤں میں جائزہ لینے کے لیے میٹنگ کی جاتی ہے کن امور پر بحث کی جاتی ہے۔ گاؤں کے سرپنچ اور سکریٹری (معتمد) سے ملاقات کر کے گاؤں کی ترقی کے لیے جائزہ اجلاس میں لئے گئے اقدامات معلوم کیجیے۔




What is flood water?

________________________________________

They dug canals from the regions where water was flooding. Then they started constructing bunds. They carried mud in bullock-carts from near by villages and also brought stones from nearby hills. Then they built the bund with stones from inside. They built two outlets from the embankment, on both the sides.

**Think...**

**What is an outlet?**

**Why do tanks have outlets?**



S.C.E.R.T. TELANGANA

## 9.1 ناگولہ تالاب کی تاریخ

میرانام فاروق ہے۔ناگولہ تالاب کےقریب ہماری زمین ہے جس پر ہم کاشت کرتے ہیں۔لیکن گاؤں کی تاریخ سے لوگوں کوواقفیت فراہم کرنا ہمارا پیشہ ہے۔ہم یہ کام ہمارے آباء واجداد کے زمانے سے کرتے آرہے ہیں۔ناگولہ تالاب سے متعلق مجھے کافی معلومات ہیں۔میرے دادا اور پردادا بھی اس ناگولہ تالاب کے بارے میں مجھے کئی باتیں بتلائیں۔بھرا ہوا تالاب دیکھنے پر وہ تمام باتیں میرے ذہن میں ابھرآتی ہیں۔

جس جگہ ناگولہ تالاب ہے اس مقام پر ماضی میں ایک جو بڑا چشمہ ہوتا تھا، جوتھوڑی سی بارش پر بھی بہت جلد بھر جاتا تھا،اس کے پشتہ کے اطراف کے کھیتوں کے لئے پانی سربراہ کیا جاتا تھا، چند کھیتوں کے لیے ہی کافی تھا،ملیکارجن نامی ایک کسان نے تحصیلدار سے ملاقات کی تاکہ تالاب کے پانی سے تمام کھیت سیراب ہوسکیں۔انجینئر،عبدالباری نے چشمہ کے اطراف کے مقامات کا معائنہ کرکے کنٹہ کو تالاب میں تبدیل کرنے کے لئے ایک منصوبہ تیار کیا۔

**غور کیجیے**

♦ چشمہ اور تالاب کے درمیان کیا فرق پایا جاتا ہے۔

## 9.2 تالاب کی تعمیر

تالاب کی تعمیر کا آغاز ہوا۔گاؤں کے ہر خاندان کے تمام افراد ذمہ داری کے ساتھ اس کام میں حصہ لیا۔گاؤں کے تمام افراد ایک جُٹ ہوکر تالاب کی تعمیر میں حصہ لیے ہیں۔

سب سے پہلے اس بات کا جائزہ لیا گیا کہ سیلاب کا پانی کس سمت سے آتا ہے۔

سیلاب سے کیا مراد ہے؟

_______________________________________

جن مقامات سے سیلاب کا پانی بہت زیادہ آتا ہے راست طور پر نالے بناتے ہوئے چشمہ سے جوڑ دیا گیا۔اس کے بعد تالاب کے پشتہ کی تعمیر شروع کی گئی۔جس کے لئے اطراف واکناف کے گاؤں سے بیل گاڑیوں کے ذریعہ مٹی لاکر پشتہ کو اونچا کیا گیا۔اس کے اندرونی جانب پشتہ کی مضبوطی کے لئے پتھر جمائے گئے۔یہ پتھر گاؤں کے قریبی پہاڑ سے لائے گئے۔تالاب کے پشتہ کی دونوں جانب نکاسی کے دوراستے بنائے گئے۔



**غور کیجئے**

''نکاسی کے راستے'' سے کیا مراد ہے؟

تالابوں میں ''نکاسی کے راستے'' کیوں ہوتے ہیں؟


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے۔2022-23
S.C.E.R.T. TELANGANA

The outlet was constructed by engineer Abdulbari himself. A scale was drawn to know how much water is there in the tank and when to release water to the fields. It is still there in white paint. In the beginning people used to get surprised when the gate was operated. When a gate is opened, water flows out into the canals. When it is closed, water stops flowing.

**Do you know?**

"Some tanks are connected with each other through canals. During rainy season when one of these tanks is filled with rain water, the water flows into other tanks.

The kings of Kakatiya and Nizam dynasty constructed these chains of tanks all over Telangana."

After completion of the building the outlets, the work of sluice was taken up. A sluice was built completely with stones to let the extra water flow. As this might cause soil erosion, stones were laid in the path of the water to prevent it. The masons in our village worked hard for building sluice. Food was cooked in one place and everybody had lunch together. They discussed the remaining works. They began to dig canals to get water from two outlets. They dug four canals so that all the fields would be watered. Later, the canals were built with stones and cement.


**Discuss in groups**



- Why are outlets, canals and sluices needed in the construction of a tank?

"Next year, after the construction of the tank, there was sufficient rainfall. Farmers sowed paddy. The harvest was very good. There was a drastic change in the lives of the farmers. Our family also came out of economic problems."

**Collect :**



- Collect information about a tank nearby. How was that tank constructed?
- Visit the tanks in your surroundings. What is the area of those tanks.

S.C.E.R.T. TELANGANA

نکاسی کے راستے کا کام انجینئر عبدالباری نے خود اپنی نگرانی میں تکمیل کروایا۔تالاب میں کتنا پانی جمع ہوتا ہے اور کتنا جمع ہونے پر کھیتوں کی سیرابی کی جاسکتی ہے اس کے لئے بھی پیائش کا انتظام کیا گیا۔ جو آج تک سفید پینٹ کے نشاں سے دکھائی دیتا ہے۔اس وقت لوگ نکاسی کے راستے کھولنے کا منظر بڑی تعجب سے دیکھا کرتے تھے۔اسے کھولنے سے پانی نہروں میں بہنے لگتا ہے۔ اوراس کو بند کرنے سے پانی کا بہاؤ رُک جاتا ہے۔

**کیا آپ جانتے ہیں؟**

بعض تالاب ایک دوسرے سے نہروں کے ذریعہ جڑے رہتے ہیں۔ بارش کے موسم میں جب ایک تالاب بھر جاتا ہے تو تب یہ پانی نہروں کے ذریعہ دوسرے تالاب میں پہنچ جاتا ہے۔ کاکتیہ راجاؤں اور نظام بادشاہوں (آصف جاہی) نے پورے تلنگانہ میں ایسے ایک دوسرے سے مربوط تالابوں کو تعمیر کروایا۔

نکاسی کے راستے کی تعمیر مکمل ہونے کے بعد النگ کا کام شروع کیا گیا۔ تالاب بھر جانے پر زائد پانی کے اخراج کے لئے تالاب کی ایک جانب پتھروں کی مدد سے النگ تیار کیا گیا۔النگ کے مقام پر جہاں سے پانی بہتا ہے زمین کے کٹاؤ کو روکنے کے لئے بڑے بڑے پتھر رکھے گئے۔اس کام کو انجام دینے میں گاؤں کے مستریوں نے بڑی مشقت اٹھائی۔تالاب کی تعمیر کے دوران پکوان کا انتظام ایک ہی جگہ کیا گیا۔دو پہر کے وقت تمام لوگ ایک جگہ بیٹھ کر کھاتے تھے۔اور آگے کے کام کس طرح کئے جائیں آپس میں گفتگو کرتے تھے۔اس کے بعد نہریں کھودنا شروع کئے۔نکاسی کے راستوں سے آنے والے پانی سے کھیتوں کو سیراب کرنے کے لئے چار نہریں کھودی گئیں۔ان نہروں کو پتھر اور سمنٹ سے تعمیر کیا گیا۔

**گروہی مباحثہ**



- تالاب کی تعمیر میں نکاسی کے راستے، نہریں اور النگ کیوں ضروری ہوتے ہیں۔

تالاب کی تعمیر کے اگلے سال خوب بارش ہوئی۔تالاب کے تحت کھیتوں میں چاول کی کاشت کی گئی۔فصلوں کی پیداوار میں اضافہ سے لوگوں کی زندگیوں میں بہتری آئی۔اس طرح انکی زندگیوں میں بدلاؤ آیا۔ہمارے خاندان کے معاشی مسائل بھی ختم ہوئے

**اکٹھا کیجئے**




- اپنے قریبی تالاب کی تعمیر کس طرح کی گئی اسکی تفصیلات لکھیے۔
- آپ کے اطراف واکناف کے تالابوں کا مشاہدہ کرکے اسکا رقبہ لکھیے۔


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے۔2022-23
S.C.E.R.T. TELANGANA

## 9.3. Big tanks of our state


Like Nagulacheruvu, we have many tanks in the state. Let us know about the big tanks in our state.

### 9.3.1. Ramappa tank:



Ramappa tank is located near the Ramappa temple in Jayashankar district. It is a man made tank built during the 13th century, with an area of 24sq.km. This tank is the source of water for agriculture for the villages nearby. There are many hills and forests around this tank. Ramappa temple is known for its sculpture.

### 9..3.2. Panagal tank:



Panagal tank is in Nalgonda district. It is also called as Udaya Samudram, located 3 k.m away from Nalgonda district headquarter. It was built by the Kakatiya King Prathaparudra. This tank is the source of irrigation for thousands of acres. The famous Chaya Someshwara Swamy temple is located here.


S.C.E.R.T. TELANGANA

## 9.3 ریاست کے بڑے تالاب

ناگولہ تالاب کی طرح ہماری ریاست میں کئی دیگر تالاب موجود ہیں۔ آیئے ہماری ریاست میں موجود چند بڑے تالابوں کے بارے میں معلومات حاصل کریں گے۔

### 9.3.1 رامپّا تالاب

ضلع جے شنکر میں رامپّا مندر کے قریب رامپّا تالاب واقع ہے۔ یہ تالاب انسانی تعمیر ہے۔ 13 ویں صدی میں تعمیر کئے گئے اس تالاب کا رقبہ 24 مربع کلومیٹر ہے۔ اس کے اطراف واکناف موجود زرعی زمینات کا دار و مدار اسی تالاب پر ہے۔ اس تالاب کے اطراف جنگل، پہاڑ پائے جاتے ہیں۔ تالاب کی ایک جانب موجود رامپا مندر فن سنگ تراشی کے لئے مشہور ہے۔



### 9.3.2 پانگل کا تالاب (Panagal Tank)



پانگل تالاب ضلع نلگنڈہ میں واقع ہے۔ اُسے اودیا سمدرم بھی کہتے ہیں۔ یہ تالاب نلگنڈہ سے 3 کلو میٹر کی دوری پر واقع ہے۔ اس تالاب کو ’’کاکتیہ راجہ پرتاپ رودرا دیو‘‘ نے تعمیر کروایا تھا اس تالاب سے ہزاروں ایکڑ اراضی سیراب ہوتی ہے۔ یہاں چھایا سومیشور سوامی کی مشہور مندر بھی ہے۔

## 9..3.3. Hussain Sagar



Hussain Sagar is located in Hyderabad. It is one of the biggest tanks in the state. This was built by Qutub Shahi rulers in 1562. The bund of this tank was made into road in 1946. This bund joins the twin cities of Hyderabad and Secunderabad. The area of this tank was 5.7sq.km but now this has decreased a lot. It is filled with eichhornia plants. Waste thrown by visitors, inflow of drainage water, industrial effluents the immersion of 'Ganesha idols' etc., are the causes of its pollution. The depth of the tank was 32 feet but it got silted to a large extent. The government is now trying to make it a pollution free tank.

Another tank in Hyderabad is 'Osman Sagar'. It was built on the subriver Musi. It is also known as 'Gandipet tank'. It is a fresh water tank. The water of this tank is still being used for drinking by the people of Hyderabad.



Osman Sagar

S.C.E.R.T. TELANGANA

## 9.3.3. حسین ساگر



حسین ساگر شہر حیدرآباد میں واقع ہے جس کا شمار ریاست تلنگانہ کے بڑے تالابوں میں کیا جاتا ہے۔اس تالاب کو قطب شاہی حکمرانوں نے 1562ء میں تعمیر کروایا۔اس تالاب پشتے کو 1946ء میں ایک سڑک میں تبدیل کردیا گیا۔ جسے ہم ٹینک بینڈ کے نام سے جانتے ہیں۔ یہ سڑک شہر حیدرآباد اور سکندرآباد کو جوڑتی ہے۔ 5.7 مربع کلومیٹر پر مشتمل اس تالاب کا رقبہ آبی پودوں کے پتے بھر جانے کی وجہ سے کم ہوگیا ہے۔سیاحوں کے کوڑا کرکٹ پھینکنے، شہر کے گندے پانی صنعتی ناکارہ مادے کے شامل ہونے کے علاوہ گنیش وسرجن سے اس تالاب کا پانی آلودہ ہوگیا ہے۔32 فٹ گہرے تالاب کی تہہ میں مٹی جمع ہوجانے سے گہرائی میں کافی کمی واقع ہوئی ہے۔حکومت اس تالاب کو آلودگی سے پاک کرنے کی کوشش کررہی ہے۔




حیدرآباد میں واقع ایک اور اہم تالاب عثمان ساگر ہے۔اس تالاب کو موسی ندی پر تعمیر کیا گیا ہے۔اس کو گنڈی پیٹ تالاب بھی کہتے ہیں۔ یہ تالاب میٹھے پانی کے لئے جانا جاتا ہے۔ یہ تالاب شہر حیدرآباد کے عوام کے لئے پینے کا پانی فراہم کرتا ہے۔


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے۔2022-23

**Discuss in groups**



- Why do we need tanks?
- Do you have such tanks in your districts? Where are they located?
- Talk about big tanks located in our state and locate them on the map of Telangana.

## 9.4. Relation between the farmers and the tanks

We know that tanks are useful to us in many ways. Chennaiah had a close attachment with Nagulacheruvu. Let us see what he says!

"My name is Chennaiah. I had a great attachment with Nagulacheruvu. My father taught me how to swim in this tank. Every Sunday I used to wash clothes near the tank along with my friends.

I used to catch fish, crabs etc. with my friends. I was scared to see big frogs. There were snakes also. Sometimes we found tortoises. We used to bring them home and leave them in small tubs and took care of them.We enjoyed seeing the birds hovering over the water. My son prepared Ganesh idols with clay brought from the tank. He did this on his teacher's advice. I also prepared some idols using clay.

**Think...**

**What needs of people can be met by a tank?**

## 9.5. Advantages of Tanks

Our field is near the tank - every day I go to Nagulacheruvu and open the outlet to release water to the fields. This was an important task of my daily routine. Every person in our village has a special attachment with Nagulacheruvu. Everyone is dependent on that tank in one or the other way. Many people have farms near Nagulacheruvu. It is the only source of water for agriculture. It is a feast to farmers and agricutural labourers when the tank is full. Children of our village learn swimming in this tank. People who wash clothes depend on tank. Now-a-days small fish are let into the tank for breeding. Fibre plants like sorrel, jute, flax etc., are soaked in tank water to make ropes.

S.C.E.R.T. TELANGANA

### گروہی مباحثہ



- تالاب کیوں ضروری ہیں؟
- کیا آپ کے ضلع میں اس طرح کے تالاب ہیں؟ وہ کہاں واقع ہیں؟
- ریاست میں موجود اس طرح کے مزید بڑے تالابوں کی تفصیلات بتائیے؟ تلنگانہ کے نقشے میں ان کی نشاندہی کیجیے؟

## 9.4 تالابوں سے کسانوں کا رشتہ

ہم جان چکے ہیں کہ ہمیں تالابوں سے کئی فائدے حاصل ہوتے ہیں۔ نا گولہ تالاب سے رشتہ رکھنے والوں میں چاند پاشاہ بھی شامل ہیں۔ چاند پاشاہ کیا کہہ رہے ہیں۔ کیا آپ جاننا چاہیں گے؟

میرا نام چاند پاشاہ ہے۔ بچپن سے ہی میرا رشتہ نا گولہ تالاب سے ہے، میرے والد نے اسی تالاب میں مجھے تیرنا سکھایا۔ ہر اتوار کو میں اپنے دوستوں کے ساتھ اسی تالاب پر آ کر کپڑے دھویا کرتا تھا۔

میں اپنے دوستوں کے ساتھ مل کر اسی تالاب میں مچھلیاں، کیکڑے وغیرہ کا بھی شکار کرتا تھا۔ تالاب کے قریب بڑے بڑے مینڈک دیکھ کر ڈر جاتا تھا۔ اس میں سانپ بھی پائے جاتے تھے۔ کبھی کبھی کچھوے بھی مل جاتے تھے۔ ہم انہیں گھر کے حوض میں چھوڑ کر ان کی دیکھ بھال کرتے تھے۔ پانی کے اوپر سے گذرتے ہوئے پرندوں کو دیکھ کر بہت خوشی ہوتی تھی۔ میرے بیٹے سلیم نے اپنے استاد کے کہنے پر تالاب کی چکنی مٹی لا کر اس سے نمونے (Model) تیار کئے۔ میں نے بھی اسے چند نمونے تیار کر کے دیئے ہیں۔

### غور کیجیے

- تالاب گاؤں کے عوام کی کن ضروریات کی تکمیل کے لئے استعمال کیا جا رہا ہے؟

## 9.5 تالاب کے فوائد:

تالاب کے قریب ہمارا کھیت ہے۔ ہر روز تالاب جانا نکاسی کے راستے کھول کر نالیوں کے ذریعہ کھیتوں کو سیراب کرنا میرے روزمرہ کے اہم کام ہیں۔ گاؤں کا ہر فرد کسی نہ کسی ضرورت کے لئے نا گولہ تالاب سے منسلک ہے۔ اس تالاب کے تحت کئی لوگوں کی زرعی زمینیں ہے۔ یہاں کے کسانوں کیلئے پانی کا اہم وسیلہ یہی نا گولہ تالاب ہے۔ تالاب کے بھر جانے پر تمام کاشتکاروں اور زرعی مزدوروں میں خوشی کی لہر دوڑتی ہے۔ گاؤں کے تمام بچے اسی تالاب میں تیرنا سیکھتے ہیں۔ دھوبیوں اور مچھیروں کے لئے گذر بسر کے لئے بھی یہی تالاب ایک ذریعہ ہے۔ فی الحال مچھیرے مچھلیوں کے نوزائیدوں کو تالاب میں چھوڑ کر انکی افزائش کر رہے ہیں۔ چوکا، پٹ سن، السی وغیرہ پودوں کو تالاب کے پانی میں بھگو کر ان سے حاصل ہونے والے ریشوں سے رسی بُنتے ہیں۔

S.C.E.R.T. TELANGANA

Borewells were drilled and water tanks were constructed to supply water to every house. To this day, Nagulacheruvu is the only source of drinking water for birds and animals.

When the tank is full, the level of water in the wells, tubewells and check dams rise.

When the level of water in the tank decreases, people take up fishing. Some farmers grow water melon, musk melon and cucumbers. Farmers take up desiltation during summer. This mud is used in their fields because it is very fertile. Desilting helps in increasing the capacity of the tank.

**Discuss in groups**



- What does a farmer do with ropes?
- Why are borewells drilled in tanks?
- What are the other uses of silt taken out from the tanks?
- Why do you feel happy when tank is full?

## 9.6. Tanks-Pollution

You have learnt about the advantages of tanks. Observe the following picture.



S.C.E.R.T. TELANGANA

اس تالاب میں بورویل کی کھدوائی کر کے گاؤں میں تعمیر شدہ ٹانکی کے ذریعہ ہر گھر تک پینے کا پانی سربراہ کیا جارہا ہے۔اب تک یہی تالاب جانوروں اور پرندوں کے لئے پینے کے پانی کا واحد ذریعہ ہے۔

جب کبھی تالاب پانی سے بھر جاتا ہے تب اطراف واکناف کے باؤلیوں، بورویل، چیک ڈیم کے پانی کی سطح میں اضافہ ہوتا ہے۔جیسے ہی تالاب کے پانی کی سطح کم ہوتی ہے مچھلیوں کا شکار کیا جاتا ہے۔بعض کسان، تربوز، خربوز اور کھیرے کی کاشت کرتے ہیں۔موسم گرما میں تالاب میں جمع شدہ مٹی کی نکاسی کی جاتی ہے۔اور تمام کسان اس مٹی کو اپنے کھیتوں میں ڈالتے ہیں کیونکہ یہ مٹی بہت زرخیز ہوتی ہے۔جمع شدہ مٹی کے نکاسی سے تالاب میں کثرت سے پانی کا ذخیرہ کیا جاسکتا ہے۔

**گروہی مباحثہ**



- کسان رسیوں سے کیا چیزیں بناتے ہیں؟
- تالابوں میں بورویل کیوں ڈالے جاتے ہیں؟لکھیے؟
- تالاب سے نکالی گئی مٹی کو مزید کس طرح استعمال کیا جاتا ہے؟
- تالاب پانی سے مکمل بھرنے پر آپ کو اچھا لگتا ہے۔کیوں؟

## 9.6 تالاب ۔آلودگی:

آپ تالابوں کے فوائد سے واقف ہو چکے ہیں۔اب درج ذیل تصویر کا مشاہدہ کیجیے۔



## Think...

- **How are tanks being polluted?**
- **What are the disadvantages of polluted tanks?**

The tanks are being polluted in different ways. The people of the village wash their clothes in the tanks. Many people don't have toilets and use tanks for this purpose. They also wash cattle. Children swim. Now-a-days people wash lorries, tractors, jeeps and autos in tanks. People immerse Ganesha idols in the tank every year. People from nearby villages are immersing Vinayaka idols in our tank for the past two years. The colours are dissolved and the water is polluted. The sewage water from the houses is let into the tank. The people who visit tank in the evenings for relaxation, throw eatables and empty covers into the tank. Such activities pollute the water and even the fish die. Once the water of this tank was used for drinking, but now it is fully polluted. Now-a-days some programmes are being taken up to control water pollution.

Last year, some people planned to establish an industry near the tank but the people of the village stood against the decision and won.

Chemical effluents from industries and factories pollute underground and also tank water.

Have you observed any activities harmful to tanks? What are they? Have you all done anything collectively to oppose it?

There used to be a tank in our uncle's village. I used to swim in it during my childhood. But today, we don't see that tank anymore. It is occupied by new houses. Nobody can imagine that there used to be a tank in that place earlier.

## Discuss in groups



- What will you do to prevent pollution of water in tanks?
- Why were the people against the establishment of an industry?
- Why did people build houses on tanks? What would be the consequences?
- In olden days, kings used to construct tanks. Discuss this in your classroom.

S.C.E.R.T. TELANGANA

## غور کیجیے

- تالاب کس طرح آلودہ ہورہے ہیں؟
- آلودہ ہونے کی وجہ سے کیا نقصانات ہوتے ہیں؟

تالابوں کا پانی کئی طرح سے آلودہ ہورہا ہے۔گاؤں کے زیادہ تر لوگ تالاب میں ہی کپڑے دھوتے ہیں۔اور کئی لوگوں کے گھروں میں بیت الخلاء نہیں ہیں وہ لوگ تالاب کے کنارے ہی ضروریات سے فارغ ہوتے ہیں۔ جانوروں کو نہلاتے ہیں اور بچے تالاب میں تیرتے ہیں۔آجکل لوگ لاریوں،ٹریکٹروں،جیپوں اور آٹورکشاؤں کو تالاب میں دھوتے ہیں۔ ہر سال گنیش کی مورتیوں کا وسرجن تالابوں میں کیا جاتا ہے۔آس پاس کے گاؤں کے لوگ گذشتہ دوسالوں سے ہمارے ہی تالاب میں گنیش کی مورتیوں کا وسرجن کررہے ہیں۔جس کی وجہ سے ان مورتیوں کا رنگ تالاب کے پانی میں مل جانے سے پانی آلودہ ہورہا ہے۔تالاب کے قریب موجود مکانات کا گندہ پانی بھی تالاب میں داخل ہورہا ہے۔اکثر لوگ شام کے وقت بطور تفریح تالاب کے قریب آکر مختلف غذائی اشیاء کھاتے ہیں، بچی ہوئی اشیاء اور خالی پلاسٹک کی تھیلیوں وغیرہ کو تالاب میں ڈال رہے ہیں۔اس طرح تالاب کا پانی پلاسٹک کی تھیلیوں اور گندے پانی سے اور دیگر وجوہات کی بناء پر آلودہ ہورہا ہے۔کیمیائی ادویات کے کارخانے اور دیگر صنعتوں سے بھی ناکارہ مادے،نقصاندہ اشیاء،وغیرہ زیرزمین پانی کے ساتھ ساتھ تالابوں کے پانی کو بھی آلودہ کررہے ہیں۔جس سے مچھلیاں بھی مررہی ہیں۔کسی زمانے میں تالابوں کا پانی پینے کیلئے استعمال کیا جاتا تھا اب پینے کے قابل کیوں نہیں ہے۔آج کل تالابوں کے پانی کو آلودہ ہونے سے بچانے کے لئے کئی ایک اقدامات شروع کئے جارہے ہیں۔

گذشتہ سال تالاب سے تھوڑی دور کے فاصلے پر جب کارخانے کی تعمیر کا فیصلہ کیا گیا تو فوراً گاؤں کے تمام افراد متحد ہوکر اسکی مخالفت کرنے لگے۔جس کی وجہ سے کارخانے کی تعمیر روک دی گئی۔

کیا آپ نے اپنے علاقے میں تالابوں کو نقصان پہنچانے والے کام دیکھے ہیں؟ وہ کونسے ہیں؟ کیا اسکی مخالفت کے لیے تمام افراد نے کچھ اقدام کیا؟

پڑوس کے گاؤں کے تالاب کو دیکھ کر مجھے بہت تکلیف ہوتی ہے۔وہ ہمارے ماموں کا گاؤں ہے اس تالاب میں میں بچپن میں تیرا کرتا تھا۔فی الحال اب وہاں کوئی تالاب نہیں ہے۔تالاب کی جگہ مکانات تعمیر ہوچکے ہیں۔اگر آج یہ کہا جائے کہ کسی زمانے میں یہاں تالاب ہوا کرتا تھا تو کوئی یقین نہیں کریں گے۔

## گروہی مباحثہ



- تالاب کے پانی کو آلودہ ہونے سے بچانے کے لئے آپ کیا کریں گے؟
- گاؤں کے لوگوں نے کارخانے کی تعمیر کے لئے مخالفت کیوں کی؟
- تالاب کی جگہ لوگوں نے مکانات کیوں تعمیر کئے؟اس سے ہونے والے نقصانات کیا ہیں؟
- زمانے قدیم میں بادشاہ تالاب تعمیر کرواتے تھے۔کمرہ جماعت میں اس پر گفتگو کیجیے۔


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے۔2022-23
S.C.E.R.T. TELANGANA

## 9.7. We and Our Tanks

I sleep on tank bund at nights during harvest season. Having lunch under the shade of trees on the bund, has become a habit. When the tank is full, people celebrate the 'Maisamma' festival and let the water out to fields. For this celebration all the people of our village donate rice, money etc. After the feast on the bund, we release the water to the fields.

During the ' Bathukamma' festival, they leave the Bathukamma's into the tank. It is a very beautiful sight. I like to watch the sunrise and sunset standing on the bund. The weather is cool any time during summer. Farmers rest under the shade of trees. Birds flying on the bunds in the sky, cattle moving in herds in the evening, cool breezes from the fields at night and fragrance from the gardens make the village life very beautiful. Plenty of lotuses and water lilies bloom in the tank. Insects and worms moving on water, fish eating insects, cranes hunting for fish are the scenes worth watching. We don't even know how the time flies by. Look at the present condition of such a tank...

### Drying of tanks - Drought

Observe the following picture:-

Due to environmental pollution, cutting of trees, there is reduction in greenery.



TELANGANA

## 9.7 ہم اور ہمارے تالاب:

میں فصل کی کٹوائی کے وقت تالاب کے پشتہ (بند) پر رات بسر کرتا ہوں۔ دوپہر میں اس کے پشتہ (بند) پر موجود درخت کے سائے میں بیٹھ کر کھانا میری عادت بن چکی ہے۔ جب تالاب پانی سے بھرا ہوتا ہے۔اس وقت گاؤں کے لوگ کسی مخصوص دن کھیتوں کے لئے پانی چھوڑتے ہیں۔اُس دن ایک مقامی تہوار میسماں منایا جاتا ہے۔جس کے لئے گاؤں کے سبھی لوگ چاول یا کچھ رقم دیتے ہیں۔تالاب کے پشتہ (بند) ہر گاؤں کے تمام لوگ بیٹھ کر کھانا کھاتے ہیں اس کے بعد کھیتوں کے لئے پانی چھوڑا جاتا ہے۔

بتکمّا تہوار کے موقع پر بھرے تالاب میں بتکمّا کو چھوڑتے ہیں یہ منظر بہت ہی خوبصورت دکھائی دیتا ہے۔ مجھے تالاب کے قریب ٹھہر کر سورج کا طلوع ہونے اور غروب ہونے کا منظر دیکھنا بہت پسند ہے۔گرما کے موسم میں یہاں کا ماحول ہمیشہ ٹھنڈا رہتا ہے۔کسان پشتہ پر موجود درختوں کے نیچے بیٹھ کر آرام کرتے ہیں۔آسمان میں شام کے وقت پرندوں کے جھنڈ کا اُڑنا، جانوروں کا پشتہ پر سے گذرنا، رات کے وقت کھیتوں سے آنے والی ٹھنڈی ہوائیں، باغوں سے آنے والی خوشبو وغیرہ یہ تمام مناظر کی وجہ سے گاؤں کی زندگی پر کیف وخوبصورت دکھائی دیتی ہے۔تمام تالاب میں کنول اور نیلوفر کے پھول کھلتے ہیں۔پانی پر تیرتے ہوئے حشرات اور ان حشرات کو اپنی غذا بناتی ہوئی مچھلیاں، مچھلیوں کا شکار کرتے ہوئے بگلے وغیرہ ان تمام کا نظارہ کرتے ہوئے وقت کا اندازہ نہیں ہوتا۔ایسے تالاب کی موجودہ حالت دیکھئے............

### تالابوں کی خشک سالی اور قحط

ذیل کی تصویر کا مشاہدہ کیجئے۔

ماحول کی آلودگی اور درختوں کی کٹوائی سے دن بدن سرسبز وشادابی میں کمی واقع ہو رہی ہے۔



## Discuss in groups



- What are affected when tanks dry up due to shortage of rains? How?
- What problems do the people dependent on tanks face when the tanks dry up?

Sunrays fall directly on the earth and its atmosphere is heated up. Rains are decreasing every year. There is drought in some areas. As there are no rains and tanks are not filled, farmers are drilling borewells and drawing underground water from very deep layers. This act is causing great damage to the environment leading to drought. Already people in some villages are travelling long distances to fetch drinking water. People are depending on the water tankers supplied by the government. Why did this situation arise? Isn't this a big problem? Who has to take action and what actions can be taken?

**Think...**

**If the same situation continues in future, what consequences are we likely to face? What should we do to stop this?**

## 9.8. Maintenance of tanks



Observe the picture given. This is the picture of a tank. You can see eichhornia plants, and algae in this tank. Why are the useful tanks getting polluted turing to wastes? Who should take care of tanks? What happens if care is not taken? Our future is in protecting tanks. Let us listen to what Yakub has to say about the maintenance of tanks?

"My name is Yakub. Our village fields are near Nagulacheruvu. Government has formed 'Agricultural Water Management Societies' for the development of tanks. In our village, our farmers elected me as the President. Every year our society takes up repairs of canals, sluice ways, outlets, etc. De-siltation is taken up in summer and that mud is spread in fields. We also check for the breaches. This tank is the only source of our livelihood. This is our tank.

The government of Telangana under the name of "Mission Kakatiya" has taken up desiltation programme all over the state to increase water storage capacity of tanks.

S.C.E.R.T. TELANGANA

**گروہی مباحثہ**

- تالابوں میں اگر پانی نہ ہو تو کیا ہوگا؟ اسکے کیا اثرات ہوں گے؟
- تالاب کے خشک ہونے پر ذریعہ معاش کے لئے اس پر انحصار کرنیوالے کو کس طرح کے مسائل کا سامنا ہے۔

سورج سے نکلنے والی شعاعیں درختوں پر پڑنے کے بجائے راست زمین پر گرنے کی وجہ سے زمین کی تپش میں اضافہ ہو رہا ہے۔ ہر سال بارش میں کمی واقع ہو رہی ہے۔ جس کی وجہ سے مختلف علاقوں میں قحط پڑ رہا ہے۔ تالاب کی خشکی اور بارش کی کمی کے باعث کسان سینکڑوں فٹ تک بور کی کھدوائی کر کے زیر زمین سے پانی حاصل کر رہے ہیں۔ ان سرگرمیوں کی وجہ سے ماحول کا بڑا نقصان ہو رہا ہے۔ اور خشک سالی کے حالات پیدا ہو رہے ہیں۔ کئی گاؤں میں لوگ دور دراز مقامات سے پینے کا پانی لا رہے ہیں۔ یہاں تک کہ کئی علاقوں کے لوگ حکومت کی جانب سے ٹینکوں کے ذریعہ سربراہ کئے جانے والے پانی پر انحصار کرتے ہیں۔ یہ حالت کیوں پیدا ہوئی؟ یہ ایک اہم مسئلہ ہے؟ اسکے لیے کس طرح کے اقدامات کرنا چاہیے اور کون یہ اقدامات کرے؟

**غور کیجئے**

- اگر حالات ایسے ہی رہیں گے تو مستقبل میں ہمیں کن دشواریوں کا سامنا کرنا پڑیگا؟ اس کو روکنے کے لیئے ہمیں کیا اقدامات کرنے چاہیے؟

## 9.8 تالابوں کی دیکھ بھال



تصویر میں موجود تالاب کا مشاہدہ کیجیے۔ تالاب میں آبی پودے دکھائی دے رہے ہیں۔ اتنے مفید اور فائدے بخش تالابوں کی حالت ایسی کیوں ہو رہی ہے؟ تالابوں کی دیکھ بھال کون کرے؟ اگر ان کی مناسب دیکھ بھال نہ کریں تو کیا ہوگا؟ تالابوں کی حفاظت کرنے سے ہی ہمارا مستقبل ٹھیک رہے گا۔ تالاب کی دیکھ بھال کے لئے یعقوب صاحب کیا کہتے ہیں دیکھیے۔

میرا نام یعقوب ہے۔ ہمارے گاؤں کے کھیت ناگولہ تالاب کے تحت آتے ہیں۔ تالابوں کی ترقی کے لئے حکومت نے انجمنیں بنائی ہیں۔ ہمارے گاؤں کے تمام کسانوں نے مجھے صدر کی حیثیت سے منتخب کیا۔ ہماری انجمن ہر سال نکاسی کے راستے اور النگ کے ساتھ ساتھ تالابوں کی بھی مرمت کرتی ہے۔ موسم گرما میں تالاب کی جمع شدہ مٹی نکال کر کھیتوں میں ڈالی جاتی ہے۔ تالاب کے (بند) پشتوں کو شگاف سے بچانے کے لئے انکی مرمت کی جاتی ہے۔ ہمارے گاؤں کے تقریباً افراد کے روزگار کا دارومدار اسی تالاب پر ہی ہے۔


تلنگانہ کی ریاستی حکومت ''مشن کاکتیہ'' کے نام سے پوری ریاست میں تالابوں سے مٹی کی نکاسی کرتے ہوئے ذخیرہ آب کی گنجائش میں اضافہ کیا جا رہا ہے۔

## Collect :



Collect the details of Agricultural Water Management Societies and their activities.

## Do you know?




Hence the name. In the ancient period, these lakes were constructed to use the water for drinking and agricultural purposes. Among all the lakes in Udaipur, the 'Pichola' lake is an important one. It was built in 1362 by the Banjaras. Later on, it was developed by King Udai Singh. All the places in Udaipur were built on the banks of these lakes. Among them, 'Jagnivas' and 'City Palace' are important.

S.C.E.R.T. TELANGANA

## Key words:

1. agriculture
2. canal
3. tanks
4. pond
5. sluice
6. flood water
7. outlets
8. tank construction
9. embankment of the tanks
10. agricultural lands
11. eichhornia plants
12. pollution of tanks
13. uses of tanks
14. breach in the embankment
15. tank management

### اکٹھا کیجئے



♦ زرعی پانی کی انتظامی سوسائٹیوں کی تفصیلات اوران کے کام کی جملہ تفصیلات اکٹھا کر کے اس پر مباحثہ کیجیے۔

### کیا آپ جانتے ہیں؟




ریاست راجستھان کے شہر اُدے پور کو جھیلوں کا شہر (City of Lakes) کہا جاتا ہے۔اس شہر کے اطراف کئی جھلیں واقع ہیں۔اس لئے شہر کو یہ نام دیا گیا ہے۔پینے کے پانی اور کاشت کی غرض سے ان جھیلوں کی تعمیر زمانہ قدیم میں کی گئی۔اُدے پور کی تمام جھلیوں میں پچولہ جھیل مشہور ہے۔اس جھیل کی تعمیر 1362ء میں بنجاروں نے کی۔اس کے بعد راجہ اُدے سنگھ نے اسے ترقی دی۔ شہر اُدے پور کے تمام محلات جھلیوں کے کنارے پر ہی تعمیر کئے گئے ہیں۔ان میں جگ نواس اور سٹی پیالیس اہم ہیں۔

### کلیدی الفاظ

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ زراعت | 6۔ سیلاب کا پانی | 11۔ آئی کورنیا پودے |
| 2۔ نالہ | 7۔ نکاسی کا راستہ | 12۔ تالاب کی آلودگی |
| 3۔ تالاب | 8۔ تالاب کی تعمیر | 13۔ تالاب کے فوائد |
| 4۔ کنٹہ | 9۔ تالاب کا پشتہ | 14۔ شگاف پڑنا |
| 5۔ النگ | 10۔ زرعی زمین | 15۔ تالاب کی دیکھ بھال |

S.C.E.R.T. TELANGANA

## What have we learnt?

### 1. Conceptual Understanding

J2J7L7

a) Why do we need tanks?

b) What purposes do we use tank water for?

c) Why do we need Agricultural Water Societies?

d) What crops are grown with less water in your village?

e) What are the uses of having outlets for tanks?

f) Who depend on tanks? How are farmers in particular depend on tanks?

g) How should we conserve our tanks?

### 2. Questioning - Hypotheses

a) Kavitha and her grand father, went to a tank. She asked many questions regarding the tank. What would you ask?

### 3. Experiments - Field Observations

a) Visit a nearby tank with your elders and write your observations (on the bund, the tank, uses of tank etc.,)

b) With the help of your teachers visit a nearby field. Observe how water is supplied to the fields. Write about it.

### 4. Information Skills, Projects

- Write about a famous tank you know in your district or state. Know about its history. Draw a diagram of the tank. For this information refer books, magazines, newspapers, internet etc.,

### 5. Communication through Mapping skills, Drawing Pictures and Making Models

a) Collect the names of tanks like Ramappa, Pakala, Panagal, Hussain Sagar etc. Identify the districts and places of their location in a Telangana map.

S.C.E.R.T. TELANGANA

## ہم نے کیا سیکھا

### I۔ تصورات کی تفہیم

a۔ تالاب کیوں ضروری ہیں؟

b۔ تالاب کا پانی کن کن کاموں کے لئے استعمال ہوتا ہے؟

c۔ زرعی پانی کی انتظامی سوسائٹیاں کیوں ضروری ہیں؟

d۔ آپ کے گاؤں میں کونسی فصلیں کم پانی سے بھی اگائی جاتی ہیں؟

e۔ آپ کے خیال میں نکاسی کے راستے سے کون سے فوائد حاصل ہوتے ہیں؟

f۔ تالاب پر کون کون انحصار کرتے ہیں بالخصوص کسان کی زندگی کس حد تک تالاب پر منحصر ہوتی ہے؟

g۔ ہم اپنے تالابوں کی حفاظت کس طرح کر سکتے ہیں؟

### 2۔ سوالات کرنا۔مفروضات قائم کرنا۔

جویریہ نے اپنے دادا کے ساتھ ان کے گاؤں میں موجود تالاب کا مشاہدہ کیا۔اس نے تالاب سے متعلق اپنے دادا سے کئی سوالات کیے۔اگر آپ جویریہ کی جگہ ہوتے تو کونسے سوالات کرتے؟

### 3۔ تجربات-حلقۂ عمل کے مشاہدات

a۔ اپنے بڑوں کے ساتھ قریبی تالاب جایئے۔اپنے مشاہدات کو نوٹ بک میں لکھیے (جیسے تالاب کے اندر، پشتہ (بند) پر،تالاب کے اطراف،تالاب کے فوائد وغیرہ)

b۔ اپنے اساتذہ کے ساتھ قریبی کھیت جایئے۔تالاب سے کھیتوں تک پانی کی سیرابی کا مشاہدہ کیجیے۔اس کے بارے میں لکھئے۔

### 4۔ معلومات اکٹھا کرنا- منصوبہ کام

♦ آپ کے شہر یا ریاست میں موجود کسی ایک مشہور تالاب کے بارے میں لکھیے۔ اور اسکی تاریخ سے واقفیت حاصل کیجئے۔اس کی تصویر اُتاریے۔اس تالاب کی تفصیلات لکھ کر اس کی نمائش کیجئے۔(تفصیلات کو حاصل کرنے کے لیے اخبار، کتابیں، رسالے، یا انٹرنٹ سے مدد حاصل کیجیے۔)

### 5۔ نقشہ جاتی مہارتیں-اشکال اتارنا،نمونے تیار کرنے کے ذریعہ تصورات کا اظہار۔

a۔ رامپا، پاکالا، پانگل،تالاب اور حسین ساگر وغیرہ کے علاوہ مزید چند تالابوں کے نام اکٹھا کیجیے۔یہ ہماری ریاست کے کن اضلاع میں واقع ہیں ان مقامات کی تلنگانہ کے نقشہ میں نشاندہی کیجیے۔

S.C.E.R.T. TELANGANA

## 6. Appreciation, Values and Awareness towards Bio-diversity

a) There was a breach in the embankment, this was repaired by the whole village collectively. How do you appreciate each person's effort? Convey it to your friend.

b) A tank is an elixir of life not only for human beings but also birds, animals and other insects. You want to participate in a procession to protect tanks. Write some slogans on prevention of pollution and also suggest some other measures to protect them from pollution.

c) People are building houses on tanks now a days. How is it going to affect us and animals? What should we do to stop this?

### I can do these

| | | |
|---|---|---|
| 1. | I can explain the stages of constructing a tank and its advantages. | Yes / No |
| 2. | I can ask questions to know details about tanks. | Yes / No |
| 3. | I can identify important tanks in our state map. | Yes / No |
| 4. | I can exhibit the history of tanks. | Yes / No |
| 5. | I can write slogans for protectoin of tanks. | Yes / No |

The Laknavaram Cheruvu, Warangal



S.C.E.R.T. TELANGANA

## VI۔ توصیف،اقدار،حیاتی تنوع کا شعور


a۔ تالاب کے بند پر شگاف پڑ گیا گاؤں کے تمام لوگوں نے اسکی مرمت میں مدد کی۔اس میں حصہ لینے والے ہر فرد کی محنت کی ستائش کس طرح کریں گے؟اسکے بارے میں اپنے دوست سے گفتگو کیجئے۔

b۔ تالاب نہ صرف ہماری زندگی کے لئے بلکہ چرند، پرنداور دیگر حشرات کی زندگیوں کے لئے بھی اہم ہیں تالابوں کو آلودگی سے بچانے کے لئے آپ چاہتے ہیں ایک جلوس میں حصہ لینا چاہتے ہیں۔اس لئے آپ آلودگی کی روک تھام کے لئے چند نعرے تحریر کیجئے۔اور تالابوں کی آلودگی دور کرنے کے لیئے مزید کیا اقدامات کئے جاسکتے ہیں۔لکھئے؟

c۔ موجودہ دور میں لوگ تالابوں پر مکانات تعمیر کئے جارہے ہیں۔اس طرح کے عمل سے جانور اور انسانوں کو ہونے والے نقصانات کونسے ہیں۔اس کی روک تھام کے لئے کیا کرنا چاہیئے؟

### میں یہ کرسکتا/ کرسکتی ہوں

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ | میں تالابوں کی تعمیر کے مراحل اور انکے فوائد بیان کرسکتا/ کرسکتی ہوں | ہاں/ نہیں |
| 2۔ | میں تالابوں کی تفصیلات سے واقفیت حاصل کرنے کے لئے سوالات کرسکتا/ کرسکتی ہوں | ہاں/ نہیں |
| 3۔ | میں ریاست کے مشہور تالابوں کو ریاست کے نقشے میں شناخت کرسکتا ہوں/ سکتی ہوں | ہاں/ نہیں |
| 4۔ | میں تالابوں کی تاریخ کے بارے میں معلومات اکٹھا کرکے تحریری طور پر مظاہرہ کرسکتا/ کرسکتی ہوں | ہاں/ نہیں |
| 5۔ | میں تالابوں کی حفاظت کے لئے نعرے لکھ سکتا ہوں/ لکھ سکتی ہوں | ہاں/ نہیں |


لکناورم تالاب - ورنگل

S.C.E.R.T. TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے۔2022-23

# 10  OUR FOOD - OUR HEALTH

We need food to live. Do all of us eat the same kind of food? Do all of us eat food at the same time? How are food habits different? Think. We get food from plants and animals. Let us know more about our food in this lesson. Look at the picture given below. Say, what is going on?



**Think...**

- **What are different people doing?**
- **Why might have they gathered there?**

## 10.1. Picnic (Vana Bhojanam)

Naveed, Vipin, Neeli and Deepthi are studying in fifth class. One day their families went out for picnic. They opted for an open space with trees on the banks of their village tank, as the picnic spot. The children and the elders enjoyed the picnic. They spoke to each other and played different games. They fetched dry grass and fire wood for cooking. They arranged stoves. All elders and children together cooked food with the materials they brought.

S.C.E.R.T. TELANGANA



# 10 ہماری غذا - ہماری صحت

زندہ رہنے کے لئے ہمیں غذا ضروری ہے۔کیا ہم سب ایک ہی قسم کی غذا استعمال کرتے ہیں؟ کیا ہم سب ایک ہی وقت پر کھاتے ہیں؟ ہماری غذائی عادتیں کس طرح ہوتی ہیں؟ غور کیجیے۔ہمیں غذا جانوروں یا پودوں سے حاصل ہوتی ہے۔غذا سے متعلق مزید تفصیلات ہم اس سبق کے ذریعہ حاصل کریں گے۔ذیل کی تصویروں کا مشاہدہ کیجیے۔اور بتایئے کہ کیا ہو رہا ہے۔



**غور کیجیے**

- مختلف لوگ کیا کر رہے ہیں؟
- مندرجہ بالا لوگ وہاں کیوں جمع ہوئے ہیں؟

## 10.1 تفریح (پکنک)

نوید، وپن، نیلی، دیپتی، پانچویں جماعت میں زیر تعلیم ہیں۔ان بچوں کے گھر کے تمام افراد خاندان پکنک پر گئے۔نہر کے کنارے گھنے درختوں کے درمیان جگہ کو اُن لوگوں نے پکنک کے لئے منتخب کیا۔بچے اور بڑے آپس میں خوب باتیں کرتے رہے۔مختلف کھیل کھیلنے کے بعد پکوان کے لئے لکڑیاں جمع کی گئیں۔پتھروں سے چولھا بنایا گیا۔ساتھ لائی ہوئی اشیاء کے ذریعہ بچوں اور بڑوں سب نے مل کر کھانا بنایا۔

During lunch time they all sat in a circle. Children arranged the leaf plates. Some people used freshly picked leaves as plates. Hot and cooked food was served along with the different items brought from their houses. Naveed brought jowar rotis, Neeli brought chikki and sweets, Vipin got boiled horse gram, red gram and bengal grams, Deepthi shared the porridge she brought. All of them shared the food items and ate heartily. They spent the day happily. There is really no need of an occasion to go on a picnic. People can just decide and go on a picnic for fun.

### Discuss in groups



- Do you like to share your food with others? Why?
- Why do you like to go out for picnics?
- Differentiate between the food cooked at home and those cooked on a picnic?
- What occasions do we eat food together?

## 10.2. Mid Day Meals



TELANGANA

دوپہر کے کھانے کا وقت ہوا تمام لوگ دائرے کی شکل میں بیٹھ گئے۔ بچوں نے دسترخوان بچھایا اور رکابیاں رکھیں۔ بعض لوگوں نے وہاں دستیاب پتوں سے پلیٹیں بنا کر انہیں استعمال کیا۔ وہاں پکائے گئے ہمہ اقسام کے کھانوں کے ساتھ ساتھ نوید کے گھر سے لائی ہوئی جوار کی روٹیاں، نیلی کے گھر سے لائی ہوئی پھلی پٹی، اور مٹھائی، وپن کے گھر سے لائی ہوئی سفید چنے، تور، چنا لائے، اور دیپتی نے دہی کی امبل ان تمام چیزوں کو سب لوگوں نے آپس میں بانٹ کر کھایا۔ اور پورا دن ہنسی خوشی گذارا اس طرح کی تفریح منانے کے لئے کوئی خاص موقع کا ہونا ہی ضروری نہیں ہے بلکہ سب مل کر تفریح کے لئے جب چاہیں تب جا سکتے ہیں۔

## گروہی مباحثہ



- کیا آپ کو ایک دوسرے کے ساتھ مل بیٹھ کر کھانا پسند ہے؟ کیوں؟
- پکنک پر جانا آپ کو کیوں پسند ہے؟ بتایئے؟
- عموماً گھر کے پکوانوں اور تفریح کے موقع پر کئے جانے والے مخصوص پکوانوں میں کیا فرق ہوتا ہے؟
- کن مواقعوں پر ہم لوگ اجتماعی طور پر طعام کرتے ہیں؟

## 10.2. دوپہر کا کھانا:



The lunch bell rang. All the children washed their hands and plates under the tap with soap. They stood in a queue for taking mid-day meal. That day they were served rice, dal and sambar in mid-day meal. There is a different menu every day for the mid-day meal. Eating together helps children to develop friendship with other students. Children who get food from their homes, share it with others. Thus, they get to know the different food habits of others. Some children eat only rice and pickle. Some children eat with vegetables. Some others do not eat properly. They throw away rice and vegetable pieces. This is not a good practice. Some children do not get enough food at their homes and they come to school without eating. Serving mid-day meal is very essential for such children.

Many children in our country do not get enough food to eat. The children who do not get sufficient food do not grow healthy. Those who are not healthy do not show interest in studies. The Supreme Court of India has ordered that nutritional food should be served to all children in every school. The Govt. of India has been serving mid-day meal to all children in government schools, from then onwards.

## Think...

- **Who serves mid day meal/lunch to you in school?**
- **Do all children in your school eat mid-day meal served at school or do they bring food from home? Why?**
- **What is today's menu in mid-day meal in your school?**
- **Is sufficient food served in your school?**
- **Do your teachers eat along with you? Why?**
- **Do all children like to eat pieces of vegetables in food or do they throw them? Why?**
- **What food do you like to have for mid-day meals?**

## Collect



List out the food items served for mid-day meal in your school in the last week. Which items do you think would be better if served as a part of the mid-day meals? Tabulate them.

S.C.E.R.T. TELANGANA

اسکول میں دوپہر کے کھانے کی گھنٹی بجی۔ بچوں کو زور کی بھوک لگ رہی تھی اور تمام بچے نل کے پاس جا کر اپنے اپنے برتن اور ہاتھ صاف دھو کر کھانے کے لئے قطار میں ٹھہر گئے۔ بعض بچے گھروں سے ٹفن باکس لائے تھے۔ گھر سے ٹفن لانے والے بچے اور اسکول کا کھانا کھانے والے بچے سب ایک ساتھ مل کر کھانا کھانے لگے۔ مدرسہ میں دوپہر کے کھانے میں چاول اور دال دی گئی تھی۔ دوپہر کے کھانے کے لئے روزانہ الگ قسم کا پکوان کیا جاتا ہے۔ دوپہر میں مل بیٹھ کر کھانا کھانے سے دیگر جماعتوں کے بچوں سے بھی دوستی ہوتی ہے۔ اپنے گھر سے ٹفن لانے والے بچے ان کی لائی ہوئی چیزوں کو آپس میں بانٹ لیتے ہیں۔ اس طرح کون لوگ کیا کیا پکوان کرتے ہیں اس کا علم دوسروں کو ہوتا ہے۔ بعض لوگ اچار کے ساتھ چاول کھاتے ہیں۔ وہ لوگ ترکاری اور چاول پھینک دیتے ہیں۔ بعض بچے دوپہر کا کھانا ٹھیک سے نہیں کھاتے۔ یہ اچھی عادت نہیں ہے۔ بعض بچوں کو ان کے گھروں پر مناسب غذا نہیں ملتی۔ صبح کھائے بغیر ہی وہ اسکول آ جاتے ہیں۔ ایسے بچے تعلیم میں دلچسپی نہیں لیتے۔ اس طرح ان بچوں کے لئے دوپہر کے کھانے کا نظم اسکول پر کرنا اشد ضروری ہے۔

ہمارے ملک میں کئی بچوں کو بعض مرتبہ ایک وقت کا کھانا بھی میسر نہیں ہوتا۔ جن بچوں کو مناسب یا متوازن غذا نہیں ملتی وہ بچے صحت مند نہیں ہوتے ہیں اور نہ ہی تعلیم میں بھی دلچسپی لیتے ہیں۔ اسی لئے سپریم کورٹ کا حکم ہے کہ اسکول میں تمام بچوں کو تغذیہ بخش اور متوازن غذا فراہم کی جائے۔ اس وقت سے حکومت ہند سرکاری مدارس کے تمام بچوں کو دوپہر کا کھانا فراہم کر رہی ہے۔

## غور کیجیے

- آپ کے لئے اسکول میں دوپہر کا کھانا کون فراہم کرتے ہیں؟
- کیا تمام بچے اسکول پر دوپہر کا کھانا کھاتے ہیں یا پھر گھر سے لایا ہوا کھانا کھاتے ہیں؟ کیوں؟
- آج آپ کے مدرسہ میں دوپہر کے کھانے میں کیا کیا چیزیں سربراہ کی گئیں؟
- مدرسہ میں فراہم کی جانے والی غذا کیا آپ کے لئے کافی ہوتی ہے؟
- کیا آپ اور آپ کے اساتذہ ساتھ مل کر کھانا کھاتے ہیں؟ یا نہیں؟ کیوں؟
- کیا تمام بچے سالن میں استعمال کی گئی ترکاریاں کھاتے ہیں یا پھینک دیتے ہیں؟ کیوں؟
- دوپہر کا کھانا کیسا ہو تو آپ کو اچھا لگتا ہے؟

## اکٹھا کیجئے



گذشتہ ہفتے آپ کے مدرسہ میں دوپہر کے کھانے میں آپ کو کون کون سی غذائی اشیاء سربراہ کی گئیں۔ بتاؤ کہ آپ کو سربراہ کئے جانے والے دوپہر کے کھانے میں آپ کی پسند کے مطابق کون کون سے غذائی اشیاء ہوں تو بہتر رہے گا۔ اس کی تفصیلات جدول میں لکھیے۔


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 2022-23
S.C.E.R.T. TELANGANA

| Day | Food served in mid-day meals | Did you like it or not? | What food would you like to have in mid-day meals |
|---|---|---|---|
| Monday | | | |
| Tuesday | | | |
| Wednesday | | | |
| Thursday | | | |
| Friday | | | |
| Saturday | | | |

- Which days, did you like the food? Why?
- Which days, you didn't like the food? Why?
- Do all children like mid-day meals?
- What do you do with the left overs of mid-day meals at school?

## 10.3. What kind of food should we eat

How is wasting of food disadvantageous? What happens if we eat stale food? Why does the food go stale? How does the food get contaminated / spoiled? Food gives us energy and helps us stay healthy. Hence, we should take proper care and measures to keep food safe. Do you know what happens if we neglect eating good food?



Observe the picture given and discuss in class.

S.C.E.R.T. TELANGANA

| دن | مدرسہ میں دوپہر کے کھانے میں سربراہ کی گئی غذا | آپ کو پسند ہے/پسند نہیں ہے | دوپہر میں آپ کونسی غذا کھانا پسند کرتے ہیں |
|---|---|---|---|
| پیر | | | |
| منگل | | | |
| چہارشنبہ | | | |
| جمعرات | | | |
| جمعہ | | | |
| ہفتہ | | | |

- آپ کو کس دن کھانا پسند آیا اور کیوں؟
- کس دن آپ کو کھانا پسند نہیں آیا؟ اور کیوں؟
- کیا تمام بچوں کو دوپہر کا کھانا پسند آتا ہے؟
- آپ کے اسکول میں دوپہر کے کھانے کے بعد بچی ہوئی غذا کیا کرتے ہیں؟

## 10.3. صحت مندانہ عادتیں

غذا ضائع کرنے سے کس قسم کا نقصان ہوتا ہے۔ بتایئے کہ باسی غذا استعمال کرنے سے کیا ہوتا ہے؟ غذا کیوں خراب ہوتی ہے؟ کس طرح آلودہ ہوتی ہیں؟ ہمیں غذا ہی سے توانائی حاصل ہوتی ہے۔ اور ہم صحت مند رہ سکتے ہیں۔ ہمیں غذا کو محفوظ رکھنے کیلئے مناسب دیکھ بھال اور اقدامات کرنے چاہیئے؟ کیا آپ جانتے ہیں کہ اگر ہم صحت بخش غذا استعمال کرنے میں کوتاہی کریں تو کیا ہوگا؟



تصویر کا مشاہدہ کیجیے ۔اور جماعت میں گفتگو کیجیے۔


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 2022-23
S.C.E.R.T. TELANGANA

**Think...**

- **Have you ever seen houseflies sitting on the food we eat? What are the other harmful insects seen on food?**
- **What are the different food items sold on the road side? What happens if the food items are not covered properly?**

If the food items are not covered properly, dust, germs, flies and other harmful insects sit on the food and contaminate it. Harmful germs and micro organisms stick to the body of the flies as they live in dirty places. They contaminate the food we eat and are harmful to our health. Some hotels and road side food vendors use the same oil again and again. Oil that is heated many times is not good for health. So, we should not eat such food. We should always eat fresh and hot food. We should always prefer eating food prepared at home.

We should eat clean food. Even though the food is clean, we may fall sick if we eat with dirty hands. Hence, good food habits are a must for every one. Let us find out what good food habits you have? Read the following and tick (✓) against the one if you follow it.

## Do you follow these?

- Do you always eat fresh food?
- Do you wash your hands with soap before you eat?
- Do you wash your plates clean after eating?
- Do you cover food items with a lid?
- Do you prefer eating food made at home to road side food?
